والدین کو	پر	تخت	اور وہ جھک گئے	اس کو	سجدے کو	اور	فرمایا	اے میرے باپ	یہ	تعبیر ہے	میرے خواب کی

اپنے ماں باپ کو تخت پر بٹھایا اور وہ سب ان کے لیے سجدہ میں جھک گئے اور (یوسف علیہ السّلام نے) فرمایا اے میرے ابّا جان! یہ میرے اس خواب کی تعبیر ہے جو میں نے

مِنۡ قَبۡلُ ۫ قَدۡ جَعَلَهَا رَبِّىۡ حَقًّا ؕ وَ قَدۡ اَحۡسَنَ بِىۡۤ اِذۡ اَخۡرَجَنِىۡ مِنَ

مِنۡ	قَبۡلُ	قَدۡ	جَعَلَهَا	رَبِّىۡ	حَقًّا	وَقَدۡ	اَحۡسَنَ	بِىۡۤ	اِذۡ اَخۡرَجَنِىۡ	مِنَ
سے	پہلے	یقینا	اس کو بنایا	میرے رب نے	سچ	اور یقینا	احسان کیا	مجھ پر	جب مجھے نکالا	سے

پہلے دیکھا تھا یقیناً میرے ربّ نے اسے سچ کر دکھایا اور یقیناً اس نے مجھ پر احسان فرمایا جب مجھے قید خانے سے نکالا

السِّجۡنِ وَ جَآءَ بِكُمۡ مِّنَ الۡبَدۡوِ مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ نَّزَغَ الشَّيۡطٰنُ بَيۡنِىۡ وَ بَيۡنَ اِخۡوَتِىۡ ؕ

السِّجۡنِ	وَ	جَآءَ	بِكُمۡ	مِّنَ	الۡبَدۡوِ	مِنۡۢ	بَعۡدِ	اَنۡ	نَّزَغَ	الشَّيۡطٰنُ	بَيۡنِىۡ	وَ	بَيۡنَ	اِخۡوَتِىۡ
قید	اور	لایا	تمھیں	سے	گاؤں	سے	بعد	کہ	جھگڑا ڈال دیا	شیطان نے	میرے درمیان	اور	درمیان	میرے بھائیوں کے

اور آپ سب کو گاؤں سے لے آیا اس کے بعد کہ شیطان نے جھگڑا ڈالا میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان

اِنَّ رَبِّىۡ لَطِيۡفٌ لِّمَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدۡ اٰتَيۡتَنِىۡ

اِنَّ	رَبِّىۡ	لَطِيۡفٌ	لِّمَا يَشَآءُ	اِنَّهٗ	هُوَ	الۡعَلِيۡمُ	الۡحَكِيۡمُ	رَبِّ	قَدۡ اٰتَيۡتَنِىۡ
بے شک	میرا رب	تدبیر فرماتا ہے	جس کے لیے چاہے	بے شک وہ	وہ	خوب جاننے والا	بڑی حکمت والا	اے میرے رب	یقینا تو نے مجھے دیا

بے شک میرا ربّ جس کے لیے چاہے خوب تدبیر فرماتا ہے بے شک وہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔اے میرے ربّ! یقیناً تُو نے مجھے حکومت سے حصّہ عطا فرمایا

مِنَ الْمُلْكِ وَ عَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ قف

مِنَ	الْمُلْكِ	وَعَلَّمْتَنِيْ	مِنْ	تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
سے	حکومت	اور مجھے سکھایا	سے	تعبیر کا علم	باتوں کی	پیدا کرنے والا	آسمان	اور زمین

اور مجھے علم بخشا باتوں (خوابوں) کی تعبیر کا ۔اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا فرمانے والے!

اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ

اَنْتَ	وَلِيّٖ	فِي	الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	تَوَفَّنِيْ	مُسْلِمًا	وَّ	اَلْحِقْنِيْ	بِالصّٰلِحِيْنَ	ذٰلِكَ	مِنْ
تو	میرا کارساز ہے	میں	دنیا	اور آخرت	مجھے اٹھا	مسلمان	اور	مجھے ملا	نیک بندوں کے ساتھ	یہ	سے

تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں۔ مجھے (دنیا سے) مسلمان اُٹھا اور مجھے (اپنے خاص مقرب) نیک بندوں کے ساتھ ملا۔(اے نبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) یہ

اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَ مَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ

اَنْۢبَآءِ	الْغَيْبِ	نُوْحِيْهِ	اِلَيْكَ	وَ	مَا كُنْتَ	لَدَيْهِمْ	اِذْ	اَجْمَعُوْٓا
باتیں	غیب کی	ہم نے اسے وحی فرمایا	آپ کی طرف	اور	آپ نہیں تھے	ان کے پاس	جب	وہ اتفاق کر رہے تھے

غیب کی خبروں میں سے ہیں جو ہم آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) کی طرف وحی فرماتے ہیں اور آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) اُن (برادرانِ یوسف) کے پاس نہ تھے جب انھوں نے اپنی

وَ هُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَ مَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَ لَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَ مَا تَسْـَٔلُهُمْ

اَمْرَهُمْ	وَهُمْ	يَمْكُرُوْنَ	وَمَآ	اَكْثَرُ النَّاسِ	وَلَوْ حَرَصْتَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	وَ	مَا تَسْـَٔلُهُمْ
اپنی بات پر	اور وہ	سازش کر رہے تھے	اور نہیں	اکثر لوگ	اور اگرچہ آپ خواہش کریں	ایمان لانے والے	اور	آپ نہیں مانگتے ان سے

بات پر اتفاق کیا اور وہ سازش کر رہے تھے۔ اور اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں اگرچہ آپ کتنی ہی خواہش کریں۔ اور آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) ان (مشرکینِ مکّہ) سے اس (تبلیغ) پر

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ ع

عَلَيْهِ	مِنْ	اَجْرٍ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِيْنَ
اس پر	سے	اجر	نہیں	وہ	مگر	نصیحت	جہان والوں کے لیے

کوئی اجر (تو) نہیں مانگتے یہ (قرآن) سب جہان والوں کے لیے نصیحت ہے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

فَصَلَتْ · تُفَنِّدُوْنِ · خَرُّوْا · اَلْبَدْوِ · نَزَغَ · فَاطِرُ

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْاَوَّلُ: اس سبق میں ثلاثی مزید فیہ کے افعال، ان کے ابواب کی شناخت کرتے ہوئے لکھیے۔ اوران کے معانی لکھیے۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کی خوشبو کیسے سونگھ لی؟ اوران کی بینائی کیسے لوٹ آئی؟

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: بینائی لوٹنے کے بعد حضرت یعقوب علیہ السلام اوران کے بیٹوں کے درمیان کیا گفت گو ہوئی؟

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: مصر پہنچنے پر حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والدین کی عزت وتکریم کس طرح کی؟

اَلسُّوَالُ الْخَامِسُ: حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا:

”رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَ عَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ“ کا ترجمہ لکھیے۔

اَلسُّوَالُ السَّادِسُ: نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو حضرت یوسف علیہ السلام کے حالات کیسے معلوم ہوئے؟

اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ

سُوْرَةُ یُوْسُفَ آیات ۱۰۵ تا ۱۱۱

وَ كَاَیِّنْ مِّنْ اٰیَةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ یَمُرُّوْنَ عَلَیْهَا وَ هُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

وَ	كَاَیِّنْ	مِّنْ	اٰیَةٍ	فِی	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	یَمُرُّوْنَ	عَلَیْهَا	وَهُمْ	عَنْهَا	مُعْرِضُوْنَ
اور	کتنی	سے	نشانیاں	میں	آسمان	اور	زمین	گزرتے ہیں	ان پر	اور وہ	اس پر	توجہ نہیں کرتے

اور آسمانوں و زمینوں میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر ان کا گزر ہوتا رہتا ہے اور وہ ان پر توجہ نہیں کرتے۔

وَ مَا یُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَ هُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِیَهُمْ غَاشِیَةٌ

وَ	مَا یُؤْمِنُ	اَكْثَرُهُمْ	بِاللّٰهِ	اِلَّا	وَهُمْ	مُّشْرِكُوْنَ	اَفَاَمِنُوْٓا	اَنْ تَاْتِیَهُمْ	غَاشِیَةٌ
اور	ایمان نہیں رکھتے	ان میں سے اکثر	اللہ پر	مگر	اور وہ	مشرک ہیں	کیا وہ بے خوف ہیں	کہ ان کے پاس آئے	چھا جانے والا

اور ان (مشرکین) میں سے اکثر لوگ اللہ پر ایمان نہیں رکھتے مگر مشرک ہوتے ہوئے۔ کیا وہ اس (بات) سے بے خوف ہیں کہ ان پر اللہ کے عذابوں میں سے کوئی چھا جانے

مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِیَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّ هُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْٓ

مِّنْ	عَذَابِ	اللّٰهِ	اَوْ	تَاْتِیَهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا یَشْعُرُوْنَ	قُلْ	هٰذِهٖ	سَبِیْلِیْٓ
سے	عذاب	اللہ کا	یا	ان کے پاس آئے	قیامت	اچانک	اور وہ	بے خبر ہوں	آپ فرما دیں	یہ	میرا راستہ ہے

والا (عذاب) آجائے یا ان پر اچانک قیامت آجائے اور اُنھیں خبر بھی نہ ہو۔ (اے نبی خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) آپ فرما دیجیے یہی میرا راستہ ہے

اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؔ عَلٰى بَصِیْرَةٍ اَنَا وَ مَنِ اتَّبَعَنِیْ ؕ وَ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ مَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۰۸﴾

اَدْعُوْٓا	اِلَى	اللّٰهِ	عَلٰى	بَصِیْرَةٍ	اَنَا	وَ	مَنِ	اتَّبَعَنِیْ	وَ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	وَ	مَآ	اَنَا	مِنَ	الْمُشْرِكِیْنَ
میں بلاتا	کی طرف	اللہ	ساتھ	بصیرت	میں	اور	جس نے	میری پیروی کی	اور	اللہ پاک ہے	اور	نہیں	میں	سے	مشرکین

میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں پوری بصیرت کے ساتھ میں (بھی) اور (وہ بھی) جنھوں نے میری پیروی کی اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔

وَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ

وَ	مَآ	اَرْسَلْنَا	مِنْ	قَبْلِكَ	اِلَّا	رِجَالًا	نُّوْحِیْٓ	اِلَیْهِمْ	مِّنْ	اَهْلِ الْقُرٰى	اَفَلَمْ
اور	نہیں	ہم نے بھیجے	سے	آپ سے پہلے	مگر	مرد	ہم وحی فرماتے	ان کی طرف	سے	بستی والوں	کیا وہ نہیں

اور ہم نے آپ سے پہلے بھی رسول بنا کر) بھیجا تھا مردوں ہی کو۔ جن کی طرف ہم وحی فرماتے تھے (مختلف) بستیوں والوں میں سے کیا یہ لوگ

يَسِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ وَ لَدَارُ الۡاٰخِرَةِ

يَسِيۡرُوۡا	فِى	الۡاَرۡضِ	فَيَنۡظُرُوۡا	كَيۡفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيۡنَ	مِنۡ	قَبۡلِهِمۡ	وَ	لَدَارُ	الۡاٰخِرَةِ
چلے پھرے	میں	زمین	تو وہ دیکھ لیتے	کیسے	تھا	انجام	ان کو جو	سے	ان سے پہلے	اور	گھر	آخرت کا

زمین میں چلے پھرے نہیں تو وہ دیکھ لیتے کہ ان سے پہلے لوگوں کا کیا انجام ہوا اور یقیناً آخرت کا گھر

خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسۡتَيۡـَٔسَ الرُّسُلُ وَ ظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ

خَيۡرٌ	لِّلَّذِيۡنَ	اتَّقَوۡا	اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ	حَتّٰٓى	اِذَا	اسۡتَيۡـَٔسَ	الرُّسُلُ	وَ ظَنُّوۡۤا	اَنَّهُمۡ
بہتر	ان کے لیے جو	ڈرتے ہیں	کیا تم سمجھتے نہیں	یہاں تک کہ	جب	مایوس ہو گئے	رسول	اور انھوں نے گمان کیا	بے شک وہ

بہت بہتر ہے ان کے لیے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ یہاں تک کہ جب رسول (نافرمان قوم سے) مایوس ہونے لگے اور (نافرمانوں نے) یہ خیال کیا کہ اُن سے

قَدۡ كُذِبُوۡا جَآءَهُمۡ نَصۡرُنَا فَنُجِّىَ مَنۡ نَّشَآءُ ؕ وَ لَا يُرَدُّ بَاۡسُنَا عَنِ الۡقَوۡمِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۱۱۰﴾

قَدۡ كُذِبُوۡا	جَآءَهُمۡ	نَصۡرُنَا	فَنُجِّىَ	مَنۡ نَّشَآءُ	وَ	لَا يُرَدُّ	بَاۡسُنَا	عَنِ	الۡقَوۡمِ	الۡمُجۡرِمِيۡنَ
یقیناً جھوٹ بولا گیا	ان کے پاس آئی	ہماری مدد	پھر ہم نے نجات دی	جسے ہم نے چاہا	اور	نہیں ٹالا جاتا	ہمارا عذاب	سے	قوم	مجرم

(عذاب کے بارے میں) جھوٹ بولا گیا ہے تو اُن (رسولوں) کو ہماری مدد آ پہنچی پھر جسے ہم نے چاہا اسے نجات ملی اور ہمارا عذاب مجرم قوم سے ٹالا نہیں جاتا۔

لَقَدۡ كَانَ فِىۡ قَصَصِهِمۡ عِبۡرَةٌ لِّاُولِى الۡاَلۡبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيۡثًا يُّفۡتَرٰى

لَقَدۡ	كَانَ	فِىۡ	قَصَصِهِمۡ	عِبۡرَةٌ	لِّاُولِى الۡاَلۡبَابِ	مَا	كَانَ	حَدِيۡثًا	يُّفۡتَرٰى
یقیناً	ہے	میں	ان کے قصوں	نصیحت	عقل مندوں کے لیے	نہیں	ہے	کوئی بات	جو گھڑ لی گئی ہو

یقیناً اُن کے قصہ میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے یہ (قرآن) کوئی ایسی بات نہیں ہے جو گھڑ لی گئی ہو

وَلٰكِنۡ تَصۡدِيۡقَ الَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ وَتَفۡصِيۡلَ كُلِّ شَىۡءٍ وَّ هُدًى وَّ رَحۡمَةً لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾ ع

وَ	لٰكِنۡ	تَصۡدِيۡقَ	الَّذِىۡ	بَيۡنَ يَدَيۡهِ	وَ	تَفۡصِيۡلَ	كُلِّ	شَىۡءٍ	وَّ هُدًى	وَّ رَحۡمَةً	لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ
اور	لیکن	تصدیق کرتا ہے	جو	اس سے پہلے	اور	تفصیل	ہر	چیز کی	اور ہدایت	اور رحمت	مومنوں کے لیے

بلکہ کی تصدیق کرتا ہے یہ اپنے سے پہلی (کتابوں)۔ اور ہر چیز کی تفصیل ہے اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ وَالتَّرَاكِيْبُ

* كَأَيِّن * بَغْتَةً * نُجِّيَ * يُفْتَرٰى

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْاَوَّلُ: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے لوگوں کو کس راستے کی طرف بلایا؟ اور کیا کہا؟

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: قصۂ حضرت یوسف علیہ السلام سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: مختصر جواب دیں:

(الف) ایمان لانے کے معاملہ میں لوگوں کی اکثریت کا رویہ کیا ہے؟

(ب) قرآن مجید میں بیان کردہ قصوں کا مقصد کیا ہے؟

(ج) کائنات میں غور وفکر کے سلسلہ میں قرآن مجید کی کیا تعلیم ہے؟

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: اردو میں ترجمہ کریں:

حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ
وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ

رُکُوْعَاتُھَا ٥ | سُوْرَةُ یٰسٓ مَکِّیَّةٌ | اٰیَاتُھَا ٨٣

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالْعِشْرُوْنَ — سُوْرَةُ یٰسٓ آیات ١ تا ١٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے

یٰسٓ ① وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ② اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ③ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ④ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ

یٰسٓ	وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ	اِنَّكَ	لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِیْمٍ	تَنْزِیْلَ	الْعَزِیْزِ
یس	قسم ہے قرآن حکیم کی	بے شک آپ	رسولوں میں سے ہیں	پر	راستہ	سیدھا	نازل کیا ہوا	بہت غالب کا

یس۔ قسم ہے قرآنِ حکیم کی۔ یقیناً آپ (خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) رسولوں میں سے ہیں۔ سیدھے راستہ پر ہیں۔ (یہ قرآن) بہت غالب

الرَّحِیْمِ ⑤ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ⑥ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰۤى اَكْثَرِهِمْ

الرَّحِیْمِ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَّاۤ اُنْذِرَ	اٰبَآؤُهُمْ	فَهُمْ	غٰفِلُوْنَ	لَقَدْ	حَقَّ	الْقَوْلُ	عَلٰۤى	اَكْثَرِهِمْ
نہایت رحم فرمانے والا	تاکہ آپ ڈرائیں	قوم کو	نہیں ڈرایا گیا	ان کے باپ دادا کو	تو وہ	غافل ہیں	یقینا	فیصلہ ہو چکا	فیصلہ	پر	ان میں سے اکثر

نہایت رحم فرمانے والے (اللہ) کا نازل کیا ہوا ہے۔ تاکہ آپ اس قوم کو (عذاب سے) ڈرائیں جن کے باپ دادا کو نہیں ڈرایا گیا تو وہ غافل ہیں۔ ان میں سے اکثر پر (عذاب کا) فیصلہ ہو چکا ہے

فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ⑦ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ⑦

فَهُمْ	لَا یُؤْمِنُوْنَ	اِنَّا	جَعَلْنَا	فِیْۤ	اَعْنَاقِهِمْ	اَغْلٰلًا	فَهِیَ	اِلَى	الْاَذْقَانِ	فَهُمْ	مُّقْمَحُوْنَ
وہ	وہ ایمان نہیں لائیں گے	بے شک ہم	ہم نے بنایا	میں	ان کی گردن میں	طوق	تو یہ	تک	ٹھوڑیاں	تو وہ	سر اٹھائے ہوئے

لٰہذا وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ بےشک ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیے جو ان کی ٹھوڑیوں تک پہنچے ہوئے ہیں تو وہ سر اوپر اٹھائے ہوئے ہیں۔

وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ⑨

وَ	جَعَلْنَا	مِنْۢ	بَیْنِ	اَیْدِیْهِمْ	سَدًّا	وَّ	مِنْ	خَلْفِهِمْ	سَدًّا	فَاَغْشَیْنٰهُمْ	فَهُمْ	لَا یُبْصِرُوْنَ
اور	ہم نے بنایا	سے	درمیان	ان کے آگے	دیوار	اور	سے	ان کے پیچھے	دیوار	ہم نے انھیں ڈھانپ دیا ہے	تو وہ	نہیں دیکھ سکتے

اور ہم نے بنا دی ہے ان کے آگے ایک دیوار اور ان کے پیچھے (بھی) ایک دیوار پھر ہم نے اُنھیں ڈھانپ دیا ہے تو وہ (کچھ) نہیں دیکھ سکتے۔

وَ سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿١٠﴾ اِنَّمَا تُنۡذِرُ مَنِ اتَّبَعَ

وَ	سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ	ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ	اَمۡ	لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ	لَا يُؤۡمِنُوۡنَ	اِنَّمَا	تُنۡذِرُ	مَنِ	اتَّبَعَ
اور	برابر ہے ان کے لیے	خواہ آپ انھیں ڈرائیں	یا	نہ ڈرائیں انھیں	وہ ایمان نہیں لائیں گے	بے شک	آپ ڈرا سکتے ہیں	جو	پیروی کرے

اور ان پر برابر ہے خواہ آپ (خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) اُنھیں ڈرائیں یا اُنھیں نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ آپ (خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) تو صرف اسی کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت کی پیروی

الذِّكۡرَ وَ خَشِيَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَيۡبِ ۚ فَبَشِّرۡهُ بِمَغۡفِرَةٍ وَّ اَجۡرٍ كَرِيۡمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحۡنُ

الذِّكۡرَ	وَ	خَشِيَ	الرَّحۡمٰنَ	بِالۡغَيۡبِ	فَبَشِّرۡهُ	بِمَغۡفِرَةٍ	وَّ	اَجۡرٍ	كَرِيۡمٍ	اِنَّا	نَحۡنُ
نصیحت کی	اور	ڈرے	رحمٰن سے	بغیر دیکھے	تو خوش خبری اسے دیں	مغفرت کی	اور	اجر	عزت والا	بے شک ہم	ہم

کرے اور رحمٰن سے ڈرے بغیر دیکھے تو آپ اسے خوش خبری دے دیجیے مغفرت کی اور عزّت والے اجر کی۔ بے شک ہم ہی

نُحۡيِ الۡمَوۡتٰى وَ نَكۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَ اٰثَارَهُمۡ ؕ وَ كُلَّ شَيۡءٍ اَحۡصَيۡنٰهُ فِيۡۤ اِمَامٍ مُّبِيۡنٍ ﴿١٢﴾ ع

نُحۡيِ	الۡمَوۡتٰى	وَ	نَكۡتُبُ	مَا	قَدَّمُوۡا	وَ	اٰثَارَهُمۡ	وَ	كُلَّ شَيۡءٍ	اَحۡصَيۡنٰهُ	فِيۡۤ	اِمَامٍ	مُّبِيۡنٍ
زندہ کرتے ہیں	مردہ کو	اور	ہم لکھ رہے ہیں	جو	انھوں نے آگے بھیجا	اور	جو پیچھے چھوڑا	اور	ہر چیز	ہم نے احاطہ کیا ہوا ہے	میں	کتاب	واضح

مُردوں کو زندہ کریں گے اور ہم (سب) لکھ رہے ہیں جو (اعمال) انھوں نے آگے بھیجے اور جو انھوں نے پیچھے چھوڑے اور ہم نے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے۔ واضح کتاب (لوحِ محفوظ) میں۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ وَالتَّرَاكِيْبُ

* حَقَّ الْقَوْلُ * اَعْنَاقِ * اَغْلٰلًا * اَلْاَذْقَانِ * مُقْمَحُوْنَ * سَدًّا * نُحْيِ * قَدَّمُوْا * اَحْصَيْنٰهُ

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّؤَالُ الْاَوَّلُ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے ثلاثی مزید فیہ پر مشتمل افعال الگ الگ معنی کے ساتھ لکھیے۔

اَلسُّؤَالُ الثَّانِيْ: سبق میں مذکور اسم الفاعل اور اسم المفعول کی نشاندہی کریں اور ان کے معنی تحریر کریں۔

اَلسُّؤَالُ الثَّالِثُ: اس سبق میں حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی رسالت اور اس منصب کی ذمہ داریوں کے بارے میں کیا احکام بیان ہوئے ہیں؟

اَلسُّؤَالُ الرَّابِعُ: نصیحت قبول کرنے والوں اور نصیحت رَدّ کرنے والوں کا انجام کیا ہوگا؟

اَلسُّؤَالُ الْخَامِسُ: مُردوں کو زندہ کرنے اور ہر شخص کے اعمال کا ریکارڈ رکھنے کے بارے میں قرآن مجید کیا بیان کرتا ہے؟

اَلدَّرۡسُ الثَّانِیۡ وَالۡعِشۡرُوۡنَ

سُوۡرَۃُ یٰسٓ آیات ۱۳ تا ۳۲

وَ اضۡرِبۡ لَهُمۡ مَّثَلًا اَصۡحٰبَ الۡقَرۡيَةِ ۘ اِذۡ جَآءَهَا الۡمُرۡسَلُوۡنَ ۚ ﴿۱۳﴾ اِذۡ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهِمُ

وَ	اضۡرِبۡ	لَهُمۡ	مَّثَلًا	اَصۡحٰبَ الۡقَرۡيَةِ	اِذۡ	جَآءَهَا	الۡمُرۡسَلُوۡنَ	اِذۡ	اَرۡسَلۡنَاۤ	اِلَيۡهِمُ
اور	آپ بیان کیجیے	ان کے لیے	مثال	بستی والوں کی	جب	آئے ان کے پاس	رسول	جب	ہم نے بھیجے	ان کی طرف

آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلٰی آلہٖ واصحابہٖ وسلم) ان کے لیے ایک مثال بیان کیجیے بستی والوں کی جب ان کے پاس رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف دو رسول بھیجے

اثۡنَيۡنِ فَكَذَّبُوۡهُمَا فَعَزَّزۡنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوۡۤا اِنَّاۤ اِلَيۡكُمۡ مُّرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ

اثۡنَيۡنِ	فَكَذَّبُوۡهُمَا	فَعَزَّزۡنَا	بِثَالِثٍ	فَقَالُوۡۤا	اِنَّاۤ	اِلَيۡكُمۡ	مُّرۡسَلُوۡنَ	قَالُوۡا	مَاۤ	اَنۡتُمۡ
دو	پھر انھوں نے دونوں کو جھٹلایا	پھر ہم نے مدد کی	تیسرے کے ساتھ	تو انھوں نے فرمایا	بے شک ہم	تمھاری طرف	بھیجے گئے	انھوں نے کہا	نہیں	تم

تو انھوں نے دونوں کو جھٹلایا پھر ہم نے تیسرے (رسول) سے (ان کی) مدد فرمائی تو انھوں نے فرمایا بے شک ہم تمھاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ (بستی والوں نے) کہا کہ تم تو بس

اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُنَا ۙ وَ مَاۤ اَنۡزَلَ الرَّحۡمٰنُ مِنۡ شَيۡءٍ ۙ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا تَكۡذِبُوۡنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوۡا رَبُّنَا

اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثۡلُنَا	وَ	مَاۤ اَنۡزَلَ	الرَّحۡمٰنُ	مِنۡ	شَيۡءٍ	اِنۡ	اَنۡتُمۡ	اِلَّا	تَكۡذِبُوۡنَ	قَالُوۡا	رَبُّنَا
مگر	بشر	ہماری طرح	اور	نازل نہیں کیا	رحمٰن نے	سے	کوئی چیز	نہیں	تم	مگر	جھوٹ بول رہے ہو	انھوں نے کہا	ہمارا رب

ہماری ہی طرح کے بشر ہو اور رحمٰن نے کچھ نازل نہیں فرمایا تم تو صرف جھوٹ بول رہے ہو۔ (رسولوں نے) فرمایا ہمارا ربّ

يَعۡلَمُ اِنَّاۤ اِلَيۡكُمۡ لَمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَ مَا عَلَيۡنَاۤ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوۡۤا اِنَّا

يَعۡلَمُ	اِنَّاۤ	اِلَيۡكُمۡ	لَمُرۡسَلُوۡنَ	وَ مَا	عَلَيۡنَاۤ	اِلَّا	الۡبَلٰغُ	الۡمُبِيۡنُ	قَالُوۡۤا	اِنَّا
جانتا ہے	بے شک ہم	تمھاری طرف	بھیجے گئے	اور نہیں	ہم پر	مگر	پہنچا دینا	واضح	انھوں نے کہا	بے شک ہم نے

جانتا ہے کہ بے شک ہم تمھاری طرف (رسول بنا کر) بھیجے گئے ہیں۔ اور ہمارے ذمہ تو صرف واضح طور پر (پیغام) پہنچا دینا ہے۔ انھوں نے کہا ہم نے تم سے

تَطَيَّرۡنَا بِكُمۡ ۚ لَئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهُوۡا لَنَرۡجُمَنَّكُمۡ وَ لَيَمَسَّنَّكُمۡ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۸﴾

تَطَيَّرۡنَا	بِكُمۡ	لَئِنۡ	لَّمۡ تَنۡتَهُوۡا	لَنَرۡجُمَنَّكُمۡ	وَ	لَيَمَسَّنَّكُمۡ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِيۡمٌ
برا شگون لیا	تم سے	اگر	تم باز نہ آئے	ہم ضرور تمھیں رجم کریں گے	اور	تمھیں ضرور پہنچے گا	ہم سے	عذاب	دردناک

بُرا شگون لیا اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم ضرور تمھیں رَجم کر دیں گے اور ہماری طرف سے تمھیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَ جَآءَ مِنْ

قَالُوْا	طَآئِرُكُمْ	مَّعَكُمْ	اَئِنْ	ذُكِّرْتُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُّسْرِفُوْنَ	وَ جَآءَ	مِنْ
انھوں نے فرمایا	تمھاری نحوست	تمھارے ساتھ	کیا یہ کہ	تمھیں نصیحت کی گئی	بل کہ	تم	لوگ	حد سے بڑھنے والے	اور آیا	سے

(رسولوں نے) فرمایا تمھاری نحوست تمھارے ساتھ ہے کیا یہ (نحوست) ہے کہ تمھیں نصیحت کی گئی؟ بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔ اور شہر کے آخری

اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ

اَقْصَا	الْمَدِيْنَةِ	رَجُلٌ	يَّسْعٰى	قَالَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوا	الْمُرْسَلِيْنَ	اتَّبِعُوْا	مَنْ	لَّا يَسْـَٔلُكُمْ
آخری کنارہ	شہر کا	آدمی	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے میری قوم	پیروی کرو	رسولوں کی	پیروی کرو	جو	تم سے نہیں مانگتا

کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اس نے کہا اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو۔ ان کی پیروی کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے

اَجْرًا وَّ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾ وَ مَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾

اَجْرًا	وَّ	هُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	وَ	مَا لِيَ	لَآ اَعْبُدُ	الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	وَ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
اجر	اور	وہ	ہدایت یافتہ ہے	اور	مجھے کیا ہے	میں عبادت نہ کروں	جس نے	مجھے پیدا فرمایا	اور	اسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے

اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ اور مجھے کیا ہے کہ میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا فرمایا اور اسی کی طرف تم (سب) واپس کیے جاؤ گے۔

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا

ءَ	اَتَّخِذُ	مِنْ	دُوْنِهٖٓ	اٰلِهَةً	اِنْ يُّرِدْنِ	الرَّحْمٰنُ	بِضُرٍّ	لَّا تُغْنِ	عَنِّيْ	شَفَاعَتُهُمْ	شَيْـًٔا
کیا	میں بنالوں	سے	اس کے سوا	معبود	اگر وہ چاہے	رحمٰن	تکلیف	نہیں کام آئے گی	میرے	ان کی شفاعت	کچھ بھی

کیا میں اس (اللہ) کے سوا ایسے معبود بنا لوں کہ اگر رحمٰن مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو میرے کسی کام نہ آئے گی ان کی شفاعت۔

وَّ لَا يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ؕ ﴿٢٥﴾

وَّ	لَا يُنْقِذُوْنِ	اِنِّيْٓ	اِذًا	لَّفِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	اِنِّيْٓ	اٰمَنْتُ	بِرَبِّكُمْ	فَاسْمَعُوْنِ
اور	نہ مجھے بچاسکتی ہے	بے شک میں	اس وقت	میں	گمراہی	واضح	بے شک میں	ایمان لایا	تمھارے رب پر	میرے بات سنو

اور نہ وہ مجھے بچاسکیں گے۔ یقیناً میں تو اس وقت واضح گمراہی میں ہو جاؤں گا۔ بے شک میں تو تمھارے ربّ پر ایمان لے آیا تو تم سب میری (بات) سن لو۔

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَ جَعَلَنِيْ

قِيْلَ	ادْخُلِ	الْجَنَّةَ	قَالَ	يٰلَيْتَ	قَوْمِيْ	يَعْلَمُوْنَ	بِمَا	غَفَرَ	لِيْ	رَبِّيْ	وَجَعَلَنِيْ
کہا گیا	داخل ہوجاؤ	جنت میں	اس نے کہا	کاش	میری قوم	جان لیتی	کہ جو	بخش دیا	مجھے	میرے رب نے	اور مجھے شامل کیا

(اُسے) کہا گیا کہ جنّت میں داخل ہو جاؤ اس نے کہا اے کاش! کہ میری قوم جان لیتی۔ کہ میرے ربّ نے میری مغفرت فرما دی اور مجھے شامل فرما دیا

مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَ مَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَ مَا

مِنَ	الْمُكْرَمِيْنَ	وَ	مَآ اَنْزَلْنَا	عَلٰى	قَوْمِهٖ	مِنْۢ	بَعْدِهٖ	مِنْ	جُنْدٍ	مِّنَ	السَّمَآءِ	وَ	مَا
سے	عزت والوں	اور	ہم نے نازل نہیں کیا	پر	اس کی قوم	سے	اس کے بعد	سے	کوئی لشکر	سے	آسمان	اور	نہیں

عزّت والوں میں۔ اور ہم نے نہیں نازل فرمایا اس کی قوم پر اس کے بعد کوئی لشکر آسمان سے اور نہ

كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ

كُنَّا	مُنْزِلِيْنَ	اِنْ كَانَتْ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	يٰحَسْرَةً	عَلَى	الْعِبَادِ
ہم تھے	نازل کرنے والے	نہیں ہے یہ	مگر	چیخ	ایک	کتنا افسوس ہے	پر	بندوں

ہم نازل فرمانے والے تھے۔ وہ تو صرف ایک زور کی چیخ تھی پھر اچانک وہ بجھ کر رہ گئے۔ کتنا افسوس ہے(ایسے) بندوں پر

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

مَا	يَاْتِيْهِمْ	مِّنْ	رَّسُوْلٍ	اِلَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَلَمْ يَرَوْا	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ
جو	ان کے پاس آئے	سے	رسول	مگر	وہ ہیں	ان کا	مذاق اڑاتے	کیا انھوں نے نہیں دیکھا	کتنے	ہم نے ہلاک کیے	ان سے پہلے

کہ ان کے پاس جو بھی رسول آتے وہ اُن کا مذاق ہی اڑاتے تھے۔ کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر چکے ہیں

مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَ اِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾

مِّنَ	الْقُرُوْنِ	اَنَّهُمْ	اِلَيْهِمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ	وَ	اِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ
سے	قومیں	بے شک وہ	ان کی طرف	واپس نہیں آئیں گے	اور	سب کے سب	ہمارے پاس	حاضر کیے جائیں گے

جو ان کے پاس واپس نہیں آئیں گے۔ اور وہ سب کے سب ہمارے پاس حاضر کیے جائیں گے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ وَالتَّرَاكِيْبُ

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ	عَزَّزْنَا	اَلْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ	تَطَيَّرْنَا
اِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا	لَنَرْجُمَنَّ	لَيَمَسَّنَّ	طَآئِرُكُمْ
ذُكِّرْتُمْ	لَا تُغْنِ	لَا يُنْقِذُوْنِ	خٰمِدُوْنَ

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْأَوَّلُ: مندرجہ بالا افعال پر لَمْ، لَا نفی اور لَام تاکید کے عمل اور معنی میں تبدیلی کی وضاحت کریں۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: اس سبق میں مذکورہ اسم الفاعل اور اسم المفعول الگ الگ لکھیں اور ان کے معانی بھی تحریر کریں۔

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ سے کون لوگ مراد ہیں؟ ان کا انجام کیا ہوا؟

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: شہر کے دوسرے کنارے سے آکر قوم کی نصیحت کرنے والے شخص کا واقعہ بیان کریں

سُوْرَۃُ یٰسٓ آیات ۳۳ تا ۵۰

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ

وَ اٰیَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَةُ ۚۖ اَحْیَیْنٰهَا وَ اَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ یَاْكُلُوْنَ ۝۳۳

وَ	اٰیَةٌ	لَّهُمُ	الْاَرْضُ الْمَیْتَةُ	اَحْیَیْنٰهَا	وَ	اَخْرَجْنَا	مِنْهَا	حَبًّا	فَمِنْهُ	یَاْكُلُوْنَ
اور	نشانی ہے	ان کے لیے	مردہ زمین	ہم نے اسے زندہ کیا	اور	ہم نے نکالا	اس سے	اناج	تو اس سے	وہ کھاتے ہیں

اور ان کے لیے ایک نشانی مُردہ زمین ہے ہم نے اسے زندہ فرمایا اور ہم نے اس سے اناج نکالا جس سے وہ کھاتے ہیں۔

وَ جَعَلْنَا فِیْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّ اَعْنَابٍ وَّ فَجَّرْنَا فِیْهَا مِنَ الْعُیُوْنِ ۝۳۴

وَ	جَعَلْنَا	فِیْهَا	جَنّٰتٍ	مِّنْ	نَّخِیْلٍ	وَّ	اَعْنَابٍ	وَّ	فَجَّرْنَا	فِیْهَا	مِنَ	الْعُیُوْنِ
اور	ہم نے بنایا	اس میں	باغات	سے	کھجور	اور	انگور	اور	ہم نے جاری کیے	اس میں	سے	چشمے

اورہم نے اس میں پیدا فرمائے باغات، کھجوروں اور انگوروں کے اور ہم نے اس میں چشمے جاری فرمائے۔

لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَ مَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ ؕ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ۝۳۵ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ

لِیَاْكُلُوْا	مِنْ	ثَمَرِهٖ	وَ	مَا عَمِلَتْهُ	اَیْدِیْهِمْ	اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ	سُبْحٰنَ	الَّذِیْ	خَلَقَ
تا کہ وہ کھائیں	سے	اس کے پھل	اور	اسے نہیں بنایا	ان کے ہاتھوں نے	تو پھر وہ شکر کیوں نہیں کرتے	پاک ہے	وہ جس نے	پیدا کیا

تا کہ یہ اس کے پھل کھائیں اور اسے ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا تو پھر یہ شکر کیوں نہیں کرتے؟ پاک ہے وہ (اللہ) جس نے سب جوڑے پیدا

الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ مِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ۝۳۶ وَ اٰیَةٌ لَّهُمُ

الْاَزْوَاجَ	كُلَّهَا	مِمَّا	تُنْۢبِتُ	الْاَرْضُ	وَ مِنْ	اَنْفُسِهِمْ	وَ	مِمَّا	لَا یَعْلَمُوْنَ	وَ اٰیَةٌ	لَّهُمُ
جوڑے	ہر چیز کے	جنھیں	اگاتی ہے	زمین	اور سے	ان کے نفس	اور	ان میں سے	وہ نہیں جانتے	اور نشانی	ان کے لیے

فرمائے ان چیزوں میں سے جنھیں زمین اُگاتی ہےاورخود ان(انسانوں) میں سے اور ان چیزوں میں سے بھی جنھیں وہ نہیں جانتے۔ اور ایک نشانی ان کے لیے

الَّیْلُ ۚۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۝۳۷ وَ الشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

الَّیْلُ	نَسْلَخُ	مِنْهُ	النَّهَارَ	فَاِذَا	هُمْ	مُّظْلِمُوْنَ	وَ	الشَّمْسُ	تَجْرِیْ	لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا
رات	ہم کھینچ لیتے ہیں	اس سے	دن	پھر اس وقت	وہ	اندھیرے میں ہوتے ہیں	اور	سورج	چلتا ہے	اپنے ٹھکانا کی طرف

رات ہے ہم اس میں سے دن کو کھینچ لیتے ہیں پھر اس وقت وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔ اور سورج اپنے ٹھکانا کی طرف چلتا جا رہا ہے

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	وَ	الْقَمَرَ	قَدَّرْنٰهُ	مَنَازِلَ	حَتّٰى	عَادَ	كَالْعُرْجُوْنِ
یہ	اندازہ ہے	بہت زبردست	نہایت علم والے کا	اور	چاند	ہم نے مقرر فرما دیں	منازل	یہاں تک کہ	وہ لوٹا	ٹہنی

یہ بہت زبردست نہایت علم والے کا (مقرر کردہ) اندازہ ہے۔ اور ہم نے چاند کی منزلیں مقرر فرما دیں یہاں تک کہ وہ واپس (کھجور کی) پرانی ٹہنی کی طرح

الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَ لَا الَّيْلُ سَابِقُ

الْقَدِيْمِ	لَا	الشَّمْسُ	يَنْۢبَغِيْ لَهَآ	اَنْ	تُدْرِكَ	الْقَمَرَ	وَ	لَا	الَّيْلُ	سَابِقُ
پرانی	نہیں	سورج	اس سے ہوسکتا	کہ	پکڑ لے	چاند کو	اور	نہ ہی	رات	پہلے آنے والی

ہو جاتا ہے ۔ نہ سورج سے ہو سکتا ہے کہ وہ چاند کو پکڑ لےاور نہ ہی رات دن سے پہلے آسکتی ہے

النَّهَارِ ؕ وَ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَ اٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

النَّهَارِ	وَ	كُلٌّ	فِيْ	فَلَكٍ	يَّسْبَحُوْنَ	وَ	اٰيَةٌ	لَّهُمْ	اَنَّا	حَمَلْنَا	ذُرِّيَّتَهُمْ	فِي	الْفُلْكِ
دن سے	اور	سب	میں	دائرے	تیر رہے	اور	نشانی	ان کے لیے	بے شک ہم	ہم نے اٹھایا	ان کی اولادوں کو	میں	کشتی

اور سب (اپنے اپنے) دائرے میں تیر رہے ہیں۔ اور ایک نشانی ان کے لیے یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو سوار کیا بھری ہوئی

الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾ وَ خَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَ اِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

الْمَشْحُوْنِ	وَ	خَلَقْنَا	لَهُمْ	مِّنْ	مِّثْلِهٖ	مَا	يَرْكَبُوْنَ	وَ	اِنْ	نَّشَاْ	نُغْرِقْهُمْ
بھری ہوئی	اور	ہم نے بنائیں	ان کے لیے	سے	اس کی مثل	جس میں	وہ سوار ہوتے	اور	اگر	ہم چاہتے	انھیں غرق کردیتے

کشتی میں۔ اور ہم نے ان کے لیے اس (کشتی) جیسی اور (سواریاں) بنائیں جن پر یہ سوار ہوتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کر دیں

فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَ لَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾

فَلَا صَرِيْخَ	لَهُمْ	وَ	لَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنَّا	وَ	مَتَاعًا	اِلٰى	حِيْنٍ
پھر نہ فریاد سننے والا	ان کی	اور	نہ وہ بچائے جاسکیں	مگر	رحمت	ہماری	اور	فائدہ	تک	ایک مدت

پھر نہ کوئی ان کی فریاد سننے والا ہو اور نہ وہ کسی طرح بچائے جا سکیں گے۔مگر (یہ) ہماری رحمت ہے اور ایک مُدّت تک کا فائدہ ہے۔

وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ وَ مَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾

وَاِذَا	قِیْلَ	لَهُمُ	اتَّقُوْا	مَا بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ	وَمَا خَلْفَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
اور جب	کہا جائے	انھیں	ڈرو	جو تمھارے سامنے ہے	اور جو تمھارے پیچھے ہے	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (عذاب) سے ڈرو جو تمھارے سامنے ہے اور جو تمھارے پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ (تو وہ ذرا نہیں سنتے)

وَ مَا تَاْتِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ﴿۴۶﴾

وَمَا	تَاْتِیْهِمْ	مِّنْ	اٰیَةٍ	مِّنْ	اٰیٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِیْنَ
اور جو بھی	ان کے پاس آئی	سے	نشانی	سے	نشانیاں	ان کے رب کی	مگر	وہ تھے	اس سے	منہ موڑنے والے

اور جو بھی نشانی ان کے پاس آتی ان کے ربّ کی نشانیوں میں سے تو یہ اس سے منُھ موڑ لیتے ہیں۔

وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا

وَاِذَا	قِیْلَ	لَهُمْ	اَنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	قَالَ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	لِلَّذِیْنَ	اٰمَنُوْٓا
اور جب	کہا جاتا ہے	ان سے	کہ خرچ کرو	جو	تمھیں رزق دیا	اللہ نے	کہا	جنھوں نے	کفر کیا	ان سے جو	ایمان لائے

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ خرچ کرو اس رزق میں سے جو اللہ نے تمھیں عطا فرمایا ہے تو کافر لوگ کہتے ہیں ایمان والوں سے

اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۴۷﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ

اَنُطْعِمُ	مَنْ	لَّوْ	یَشَآءُ	اللّٰهُ	اَطْعَمَهٗٓ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	فِیْ	ضَلٰلٍ	مُّبِیْنٍ	وَ	یَقُوْلُوْنَ
کیا ہم انھیں کھلائیں	جو	اگر	چاہتا	اللہ	وہ اسے کھلا دیتا	نہیں	تم	مگر	میں	گمراہی	واضح	اور	وہ کہتے ہیں

کیا ہم اُنھیں کِھلائیں؟ جنھیں اللہ اگر چاہتا تو کِھلا دیتا تم تو واضح گمراہی میں پڑے ہوئے ہو۔ اور وہ کہتے ہیں

مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۴۸﴾ مَا یَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً

مَتٰی	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِیْنَ	مَا	یَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	صَیْحَةً	وَّاحِدَةً
کب پورا ہوگا	یہ	وعدہ	اگر	تم ہو	سچے	نہیں	وہ انتظار کر رہے	مگر	چیخ	ایک

کہ یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا؟ اگر تم (لوگ) سچّے ہو۔ وہ صرف ایک چیخ (کے عذاب) کا انتظار کر رہے ہیں

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾

يَرْجِعُوْنَ	اَهْلِهِمْ	اِلٰٓى	وَّلَآ	تَوْصِيَةً	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	يَخِصِّمُوْنَ	وَهُمْ	تَاْخُذُهُمْ
لوٹ سکیں گے	اپنے گھر والوں	کی طرف	اور نا ہی	وصیت	تو وہ نہیں کر سکیں گے	جھگڑ رہے ہوں گے	اور وہ	وہ انھیں پکڑ لے گی

جو انھیں پکڑ لے گی جب کہ وہ جھگڑ رہے ہوں گے۔ پھر اس وقت نہ تو وہ وصیت کر سکیں گے اور نہ وہ اپنے گھر والوں کی طرف واپس ہو سکیں گے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ وَالتَّرَاكِيْبُ

- اَلْاَرْضُ الْمَيْتَةُ
- نَخِيْل
- اَعْنَاب
- تَقْدِيْر
- اَلْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ
- يَنْۢبَغِيْ
- اَنْ تُدْرِكَ
- يَسْبَحُوْنَ
- اَلْمَشْحُوْن
- صَرِيْخ
- يَخِصِّمُوْنَ
- تَوْصِيَةً

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْاَوَّلُ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے ثلاثی مجرد اور مزید فیہ پر مشتمل افعال کو الگ کریں اور ان کے معانی تحریر کریں۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے مرکب توصیفی کی نشاندہی کریں۔

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: اس سبق میں کائنات کے کن آثار سے توحید باری تعالیٰ پر استدلال کیا گیا ہے۔

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: قیامت کا جو منظر اس سبق میں بیان ہوا ہے اس پر نوٹ لکھیں۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

سُوْرَةُ يٰسٓ آيات ٥١ تا ٦٧

وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ

وَ	نُفِخَ	فِي الصُّوْرِ	فَاِذَا هُمْ	مِّنَ الْاَجْدَاثِ	اِلٰى	رَبِّهِمْ	يَنْسِلُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	مَنْۢ
اور	پھونکا جائے گا	صور میں	پھر وہ	قبروں سے	کی طرف	اپنے رب	وہ دوڑیں گے	وہ بولیں گے	ہماری خرابی ہو	کس نے

اور صور میں پھونکا جائے گا تو فوراً وہ قبروں سے (نکل کر تیزی سے) اپنے ربّ کی طرف دوڑ پڑیں گے۔ وہ کہیں گے ہائے ہماری خرابی! ہمیں کس نے

بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَ صَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا

بَعَثَنَا	مِنْ	مَّرْقَدِنَا	هٰذَا	مَا	وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	وَ صَدَقَ	الْمُرْسَلُوْنَ	اِنْ كَانَتْ	اِلَّا
ہمیں اٹھا دیا	سے	ہماری خواب گاہیں	یہ وہ ہے	جس کا	وعدہ دیا	رحمٰن نے	اور سچ کہا	رسولوں نے	نہیں تھی	مگر

اُٹھا دیا؟ ہماری خواب گاہوں سے (جواب ہوگا) یہی ہے وہ جس کا رحمٰن نے وعدہ فرمایا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔ وہ تو ایک

صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا

صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	فَاِذَا هُمْ	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ	فَالْيَوْمَ	لَا تُظْلَمُ	نَفْسٌ	شَيْـًٔا
زوردار چیخ	ایک	پھر وہ	سب	ہمارے سامنے	حاضر کیے جائیں گے	تو آج	ظلم نہیں کیا جائے گا	کسی جان پر	کچھ بھی

زوردار چیخ ہو گی پھر وہ اچانک ہمارے سامنے حاضر کر دیے جائیں گے۔ تو آج کسی جان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا

وَّ لَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۚ﴿٥٥﴾

وَّ	لَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	الْيَوْمَ	فِيْ	شُغُلٍ	فٰكِهُوْنَ
اور	نہ بدلہ دیا جائے گا	مگر	جو تم تھے	عمل کرتے	بے شک	اہلِ جنت	آج	میں	مشغلوں میں	خوش ہوں گے

اور تمھیں ویسا ہی بدلہ دیا جائے گا جیسے تم اعمال کیا کرتے تھے۔ بےشک اس دن اہل جنّت مشغلوں میں خوش ہوں گے۔

هُمْ وَ اَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٧﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّ لَهُمْ

هُمْ	وَ	اَزْوَاجُهُمْ	فِيْ	ظِلٰلٍ	عَلَى	الْاَرَآئِكِ	مُتَّكِـُٔوْنَ	لَهُمْ	فِيْهَا	فَاكِهَةٌ	وَّ	لَهُمْ
وہ	اور	ان کی بیویاں	میں	چھاؤں	پر	تختوں	تکیہ لگائے ہوں گے	ان کے لیے	اس میں	پھل	اور	ان کے لیے

وہ اور ان کی بیویاں چھاؤں میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے۔ ان کے لیے (جنّت میں) ہر قسم کے میوے ہوں گے اور ان کے لیے

مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَ امْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا

مَّا يَدَّعُوْنَ	سَلٰمٌ	قَوْلًا	مِّنْ	رَّبٍّ	رَّحِيْمٍ	وَامْتَازُوا	الْيَوْمَ
جو وہ طلب کریں گے	سلام ہوگا	بات	سے	رب	رحم فرمانے والے	اور الگ ہو جاؤ	آج

وہ کچھ ہو گا جو وہ طلب کریں گے۔ (اور) نہایت رحم فرمانے والے ربّ کی طرف سے (اُنھیں) سلام کہا جائے گا۔ اور اے مجرمو! تم آج (نیک لوگوں سے

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ

اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ	اَلَمْ اَعْهَدْ	اِلَيْكُمْ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	اَنْ	لَّا تَعْبُدُوا	الشَّيْطٰنَ	اِنَّهٗ	لَكُمْ
اے مجرموں	کیا میں نے تاکید نہیں کی	تمھیں	اے بنی آدم	کہ	عبادت نہ کرو	شیطان کی	بے شک وہ	تمھارے لیے

الگ ہو جاؤ۔ اے اولادِ آدم! کیا میں نے تمھیں تاکید نہ کی تھی؟ کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا بے‌شک وہ تمھارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ لا وَّ اَنِ اعْبُدُوْنِيْ ط هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَ لَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ

عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	وَّ	اَنِ اعْبُدُوْنِيْ	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيْمٌ	وَلَقَدْ	اَضَلَّ	مِنْكُمْ
دشمن	کھلا	اور	میری ہی عبادت کرنا	یہ ہے	راستہ	سیدھا	اور یقینا	گمراہ کر دیا	تم میں سے

کھلا دشمن ہے۔ اور میری ہی عبادت کرنا یہی سیدھا راستہ ہے۔ اور یقیناً اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق

جِبِلًّا كَثِيْرًا ط اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

جِبِلًّا	كَثِيْرًا	اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ	هٰذِهٖ	جَهَنَّمُ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ	تُوْعَدُوْنَ
مخلوق	بہت زیادہ	کیا تم سمجھتے نہیں تھے	یہ	جہنم ہے	جس کا	تم سے تھا	وعدہ کیا جاتا

کو گمراہ کر دیا تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟ یہی وہ جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَآ

اِصْلَوْهَا	الْيَوْمَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَكْفُرُوْنَ	اَلْيَوْمَ	نَخْتِمُ	عَلٰٓى	اَفْوَاهِهِمْ	وَ	تُكَلِّمُنَآ
جھلس جاؤ	آج	اس وجہ سے	تم تھے	کفر کرتے	آج	ہم مہر لگائیں گے	پر	ان کے منھ	اور	ہم سے کلام کریں گے

آج اس (جہنم) میں جھلس جاؤ اس وجہ سے جو تم کفر کیا کرتے تھے۔ آج ہم ان کے مونھوں پر مہر لگا دیں گے اور ان کے ہاتھ

اَیْدِیْھِمْ وَ تَشْھَدُ اَرْجُلُھُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْیُنِھِمْ

اَعْیُنِھِمْ	عَلٰٓى	لَطَمَسْنَا	لَوْ نَشَآءُ	وَ	یَكْسِبُوْنَ	كَانُوْا	بِمَا	اَرْجُلُھُمْ	وَتَشْھَدُ	اَیْدِیْھِمْ
ان کی آنکھیں	پر	مٹادیں	اگر ہم چاہیں	اور	کیا کرتے	وہ تھے	جو	ان کے پاوں	اور گواہی دیں گے	ان کے ہاتھ

ہم سے باتیں کریں گے اور ان کے پاؤں(اس کی) گواہی دیں گے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔اور اگر ہم چاہتے تو یقیناً ان کی آنکھیں مٹادیتے

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى یُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰھُمْ عَلٰى مَكَانَتِھِمْ

مَكَانَتِھِمْ	عَلٰى	لَمَسَخْنٰھُمْ	لَوْ نَشَآءُ	وَ	یُبْصِرُوْنَ	فَاَنّٰى	الصِّرَاطَ	فَاسْتَبَقُوْا
ان کی جگہیں	پر	ہم ان کے چہرے بدل دیتے	اگر ہم چاہیں	اور	دیکھ سکتے	پھر کیسے	راستہ کی طرف	پھر دوڑتے

پھر یہ راستہ کی طرف دوڑتے پھرتے تو وہ کیسے دیکھ سکتے تھے؟ اور اگر ہم چاہتے تو یقیناً ان کی جگھوں پر ہی ان کی صورتیں بدل دیتے

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِیًّا وَّ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع

لَا یَرْجِعُوْنَ	وَّ	مُضِیًّا	فَمَا اسْتَطَاعُوْا
نہ پیچھے جاسکتے	اور	چلنے کی	پھر استطاعت نہ رکھتے

پھر نہ یہ آگے چل سکتے اور نہ ہی پیچھے جاسکتے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

- نُفِخَ
- اَلْاَجْدَاثِ
- يَنْسِلُوْنَ
- مَرْقَدِ
- فٰكِهُوْنَ
- اَلْاَرَآئِكِ
- مُتَّكِـُٔوْنَ
- يَدَّعُوْنَ
- اِمْتَازُوا
- اَلَمْ اَعْهَدْ
- جِبِلًّا كَثِيْرًا
- اِصْلَوْهَا
- طَمَسْنَا
- مُضِيًّا

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْأَوَّلُ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے فعل مجہول اور فعل امر کی نشاندہی کریں اور ان کے معانی تحریر کریں۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: مندرجہ بالا کلمات میں سے اسم الفاعل کو معنی کے ساتھ لکھیں۔

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: صور پھونکے جانے پر قیامت کے حالات تحریر کریں۔

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: اللہ تعالیٰ نے اولاد آدم علیہ السلام سے کیا عہد لیا تھا؟

اَلسُّوَالُ الْخَامِسُ: روزِ قیامت انسانی جسم کے اعضاء اس کے خلاف کیسے گواہی دیں گے؟

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ — سُوْرَةُ يٰسٓ آیات ٦٨ تا ٨٣

وَ مَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَ مَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ مَا

وَمَنْ	نُّعَمِّرْهُ	نُنَكِّسْهُ	فِي	الْخَلْقِ	اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ	وَ	مَا عَلَّمْنٰهُ	الشِّعْرَ	وَ	مَا
اور جسے	ہم عمر دیتے ہیں	ہم اسے الٹ دیتے ہیں	میں	بناوٹ	کیا وہ سمجھتے نہیں	اور	ہم نے انھیں نہیں سکھایا	شعر	اور	نہ

اور جسے ہم بڑی عمر دیتے ہیں اسے بناوٹ میں (بچپنے کی طرف) اُلٹ دیتے ہیں پھر بھی کیا وہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے اُنھیں (خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو) شعر نہیں سکھائے اور نہ وہ

يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا

يَنْۢبَغِيْ لَهٗ	اِنْ هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	وَّ	قُرْاٰنٌ	مُّبِيْنٌ	لِّيُنْذِرَ	مَنْ	كَانَ	حَيًّا
شان کے لائق ہے	یہ نہیں	مگر	نصیحت	اور	قرآن	واضح	تاکہ وہ ڈرائیں	جو	ہو	زندہ

ان کی شان کے لائق ہے وہ تو صرف ایک نصیحت اور واضح قرآن ہے۔ تاکہ وہ اس شخص کو ڈرائیں جو زندہ ہو

وَّ يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ

وَّ	يَحِقَّ	الْقَوْلُ	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّا	خَلَقْنَا	لَهُمْ	مِّمَّا	عَمِلَتْ
اور	ثابت ہوگئی	بات	پر	کافروں	کیا	وہ نہیں دیکھتے	بے شک ہم نے	پیدا کیا	ان کے لیے	اس سے جو	ہم نے بنایا

اور کافروں پر بات ثابت ہوجائے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ بے شک ہم نے ان کے لیے پیدا کیے مویشی جن کو ہم نے دستِ (قدرت)

اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَ ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ مِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾

اَيْدِيْنَآ	اَنْعَامًا	فَهُمْ	لَهَا	مٰلِكُوْنَ	وَ ذَلَّلْنٰهَا	لَهُمْ	فَمِنْهَا	رَكُوْبُهُمْ	وَ	مِنْهَا	يَاْكُلُوْنَ
اپنے ہاتھوں سے	مویشی	پھر وہ	ان کے	مالک بنے	اور ہم نے اسے تابع کیا	ان کے	پھر ان میں سے	وہ ان پر سوار ہوتے ہیں	اور	ان سے	وہ کھاتے ہیں

سے بنایا پھر وہ ان کے مالک بنے ہوئے ہیں۔ اور ہم نے ان (مویشیوں) کو ان کے تابع کیا پھر ان میں سے کچھ تو ان کی سواریاں ہیں اور ان میں سے بعض (کے گوشت) کو وہ کھاتے ہیں۔

وَ لَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَ مَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

وَلَهُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَ	مَشَارِبُ	اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ	وَاتَّخَذُوْا	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	اٰلِهَةً
اور ان کے لیے	اس میں	فائدے	اور	پینے کی چیزیں	پھر وہ شکر کیوں نہیں کرتے	اور انھوں نے بنالیے	سے	سوا	اللہ	معبود

اور ان کے لیے ان میں کئی فائدے ہیں اور پینے کی چیزیں (بھی) پھر (بھی) کیا وہ شکر نہیں کرتے؟ اور انھوں نے اللہ کے سوا (دوسرے) معبود بنا لیے ہیں

لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَ هُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾

لَّعَلَّهُمْ	يُنْصَرُوْنَ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَهُمْ	وَ	هُمْ	لَهُمْ	جُنْدٌ	مُّحْضَرُوْنَ
تاکہ ان کی	مدد کی جائے	وہ نہیں کر سکتے	ان کی مدد	اور	وہ	ان کے لیے	لشکر ہیں	جو خود حاضر کیے جائیں گے

شاید کہ ان کی مدد کی جائے۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور یہ ان (معبودوں) کے ایسے لشکر ہیں جو خود بھی (اللہ کے سامنے) حاضر کیے جائیں گے۔

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَ لَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

فَلَا يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّا	نَعْلَمُ	مَا يُسِرُّوْنَ	وَ	مَا	يُعْلِنُوْنَ	اَوَلَمْ يَرَ	الْاِنْسَانُ
تو آپ کو غمگین نہ کریں	اس کی باتیں	بے شک ہم	ہم جانتے ہیں	جو وہ چھپاتے ہیں	اور	جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	کیا نہیں دیکھا	انسان نے

تو ان کی باتیں آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) کو غمگین نہ کریں بے شک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپا تے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان نے نہیں دیکھا

اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَ ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّ نَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ

اَنَّا	خَلَقْنٰهُ	مِنْ	نُّطْفَةٍ	فَاِذَا هُوَ	خَصِيْمٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	ضَرَبَ	لَنَا	مَثَلًا	وَّ	نَسِيَ	خَلْقَهٗ
بے شک ہم	ہم نے پیدا کیا اسے	سے	نطفہ	پھر وہ	جھگڑالو ہوا	کھلم کھلا	اور	بیان کرنے لگا	ہمارے لیے	مثالیں	اور	بھول گیا	اپنی پیدائش

کہ بے شک ہم نے اسے نُطفہ سے پیدا فرمایا پھر وہ کھلم کھلا جھگڑالو بن گیا۔ اور ہمارے لیے مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا

قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَ هِيَ رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ

قَالَ	مَنْ	يُّحْيِ	الْعِظَامَ	وَهِيَ	رَمِيْمٌ	قُلْ	يُحْيِيْهَا	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَهَآ	اَوَّلَ مَرَّةٍ
کہا	کون	زندہ کرے گا	ہڈیوں کو	اور یہ	بوسیدہ ہوں گی	فرما دیجیے	وہ انھیں زندہ کرے گا	جس نے	انھیں پیدا کیا	پہلی مرتبہ

اُس نے کہا کہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا جب کہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں گی؟ آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) فرما دیجیے اُنھیں وہی زندہ فرمائے گا جس نے اُنھیں پہلی بار پیدا فرمایا تھا

وَ هُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۙ ﴿٧٩﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا

وَهُوَ	بِكُلِّ خَلْقٍ	عَلِيْمٌ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ	الشَّجَرِ	الْاَخْضَرِ	نَارًا
اور وہ	ہر طرح کا پیدا کرنا	خوب جانتا ہے	جس نے	پیدا کیا	تمھارے لیے	سے	درخت	سرسبز	آگ کو

اور وہ ہر طرح کا پیدا فرمانا خوب جانتا ہے۔(وہی ہے) جس نے تمھارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا فرمائی

فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَ لَيْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِقٰدِرٍ

فَاِذَآ	اَنْتُمْ	مِّنْهُ	تُوْقِدُوْنَ	اَوَلَيْسَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	بِقٰدِرٍ
پھر	تم	اس سے	آگ جلاتے ہو	کیاوہ نہیں	جس نے	پیدا کیا	آسمان	اور	زمین	قادر

پھر اب تم اس سے آگ جلاتے ہو۔ کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا فرمایا اس بات پرنہیں قادر

عَلٰٓی اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰی ۗ وَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا

عَلٰٓی	اَنْ	يَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ	بَلٰی	وَهُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِيْمُ	اِنَّمَآ	اَمْرُهٗٓ	اِذَآ	اَرَادَ	شَيْئًا
پر	کہ	وہ پیدا کرے	ان جیسے	کیوں نہیں	اور وہ	بہترین پیدا کرنے والا	خوب جاننے والا	بے شک	اس کی شان یہ ہے کہ	جب	وہ ارادہ کرتا ہے	کسی چیز کا

کہ ان جیسے (دوبارہ) پیدا فرما دے کیوں نہیں اور وہ بہترین پیدا فرمانے والا خوب جاننے والاہے۔اس کی شان تو یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ فرما تا ہے

اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

اَنْ	يَّقُوْلَ لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ	بِيَدِهٖ	مَلَكُوْتُ	كُلِّ شَیْءٍ	وَّ اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
کہ	وہ کہتا ہے اسے	ہوجا	تو وہ ہوجاتی ہے	تو پاک ہے وہ ذات جس کے	دستِ (قدرت)	حکومت	ہر چیز کی	اور اسی کی طرف	تم واپس جاؤ گے

تو اسے اتنا ہی فرما تا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔تو پاک ہے وہ ذات جس کے دستِ (قدرت) میں ہر چیز کی حکومت ہے اور اس کی طرف تم سب واپس کیے جاؤ گے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

* نُنَكِّسْ * خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ * رَمِيْمٌ * كُنْ فَيَكُوْن * مَلَكُوْتُ

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْأَوَّلُ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے ثلاثی مزید فیہ کے افعال معانی کے ساتھ لکھیں۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: اس سبق میں رسول اکرم خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہونے والی وحی کو شاعری قرار دینے والوں کو کیا جواب دیا گیا ہے؟

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: سبق ہذا میں کفار کے کفر وشرک اور ان کی ناشکری کے بارے میں کیا بیان ہوا ہے؟

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: سورۃ یٰسین کی آخری آیات میں آخرت کے بارے میں کیا دلائل دیئے گئے ہیں؟

اَلسُّوَالُ الْخَامِسُ: مندرجہ ذیل کلمات وتراکیب کے معانی لکھیں:۔

(الف) وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ۔

(ب) سُبْحٰنَ الَّذِىْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا۔

(ج) وَكُلٌّ فِىْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ۔

(د) وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ۔

(ہ) وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ؕ۔

(و) اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔

اٰیَاتُهَا ۱۸ | سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ | فِيْهَا رُكُوْعَانِ

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ آیات ۱ تا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ	وَ رَسُوْلِهٖ	وَ اتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	سَمِيْعٌ
اے ایمان والو	آگے نہ بڑھو	اللہ کے سامنے/آگے	اور اس کے رسول	اور ڈرو	اللہ سے	بے شک	سننے والا

اے ایمان والو! اللہ اور اُس کے رسول (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) سے آگے نہ بڑھو اور اللہ (کی نافرمانی) سے ڈرو بےشک اللہ خوب سننے والا

عَلِيْمٌ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ

عَلِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَرْفَعُوْٓا	اَصْوَاتَكُمْ	فَوْقَ	صَوْتِ النَّبِيِّ	وَ لَا	تَجْهَرُوْا	لَهٗ	بِالْقَوْلِ
جاننے والا	اے ایمان والو!	بلند نہ کرو	اپنی آوازیں	پر	نبی کریم کی آواز	اور نہ	اونچی کرو	ان سے	بات کرنے میں

خوب جاننے والا ہے۔اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی کریم (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) کی آواز پر بلند نہ کرو اور اُن کے ساتھ بات کرنے میں آواز اونچی نہ کرو

كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ② اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ

كَجَهْرِ	بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ	اَنْ تَحْبَطَ	اَعْمَالُكُمْ	وَ اَنْتُمْ	لَا تَشْعُرُوْنَ	اِنَّ الَّذِيْنَ	يَغُضُّوْنَ
بلند آواز	ایک دوسرے سے	کہ کہیں برباد ہوجائیں	تمھارے اعمال	اور تمھیں	شعور نہ ہو	بے شک جو لوگ	پست رکھتے ہیں

جیسا کہ تم ایک دوسرے سے بلند آواز سے بات کرتے ہو (ایسا نہ ہو) کہ کہیں تمھارے اعمال برباد ہوجائیں اور تمھیں شعور بھی نہ ہو۔ بے شک جو لوگ رسول اللہ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) کے سامنے اپنی آوازیں

اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

اَصْوَاتَهُمْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ	امْتَحَنَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	لِلتَّقْوٰى	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ
اپنی آوازیں	سامنے	رسول اللہ کے	یہی وہ لوگ ہیں	پرکھ لیا	اللہ	ان کے دل	پرہیزگاری کے لئے	ان کے لئے	بخشش

پست رکھتے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے پرہیزگاری کے لیے پرکھ (کر خالص کر) لیا ہے ان کے لیے بخشش

وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ③ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ④ وَ لَوْ اَنَّهُمْ

وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ	اِنَّ الَّذِيْنَ	يُنَادُوْنَكَ	مِنْ وَّرَآءِ	الْحُجُرٰتِ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ
اور بہت بڑا اجر	بے شک وہ لوگ	آپ کو پکارتے ہیں	باہر سے	حجروں	ان میں سے اکثر	عقل نہیں رکھتے	اور اگر	بے شک وہ

اور بہت بڑا اجر ہے۔ بے شک جو لوگ آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم) کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔ اور بے شک اگر وہ لوگ

صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا

صَبَرُوْا	حَتّٰى	تَخْرُجَ	اِلَيْهِمْ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا
صبر کرتے	یہاں تک	آپ باہر آتے	ان کی طرف	بہتر ہوتا	ان کے لئے	اور اللہ	بخشنے والا	رحم فرمانے والا	اے ایمان والو!

صبر کرتے یہاں تک کہ آپ (خود) اُن کی طرف باہر تشریف لے آتے تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوتا اور اللہ بڑا ہی بخشنے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے۔اے ایمان والو!

اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى

اِنْ	جَآءَكُمْ	فَاسِقٌۢ	بِنَبَاٍ	فَتَبَيَّنُوْۤا	اَنْ تُصِيْبُوْا	قَوْمًا	بِجَهَالَةٍ	فَتُصْبِحُوْا	عَلٰى
اگر	تمھارے پاس آئے	فاسق	خبر لے کر	خوب تحقیق کرلو	کہ نقصان پہنچاؤ	کسی قوم کو	لاعلمی	تم ہوجاؤ	پر

اگر تمھارے پاس کوئی فاسق (شخص) کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق کر لیا کرو (ایسا نہ ہو) کہ کہیں تم لاعلمی میں کسی قوم کو نقصان پہنچا بیٹھو پھر تم اپنے کیے

مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ⑥ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ

مَا فَعَلْتُمْ	نٰدِمِيْنَ	وَاعْلَمُوْۤا	اَنَّ فِيْكُمْ	رَسُوْلَ اللّٰهِ	لَوْ	يُطِيْعُكُمْ	فِيْ كَثِيْرٍ
اپنے کیے پر	پچھتاتے	اور جان لو!	کہ تمھارے درمیان	اللہ کے رسول	اگر	تمھارا کہا مانیں	بہت میں

پر پچھتاتے رہ جاؤ۔ اور جان لو! تمھارے درمیان اللہ کے رسول (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم) موجود ہیں اگر وہ بہت سے

مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

مِّنَ الْاَمْرِ	لَعَنِتُّمْ	وَلٰكِنَّ اللّٰهَ	حَبَّبَ	اِلَيْكُمُ	الْاِيْمَانَ	وَزَيَّنَهٗ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ
معاملات میں	تم بڑی مشکل میں	لیکن اللہ نے	محبوب	تمھارے لئے	ایمان	مزین فرمادیا	تمھارے دلوں میں

معاملات میں تمھارا کہنا مان لیں تو ضرور تم بڑی مشکل میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے ایمان کو تمھارے لیے محبوب بنا دیا اور اُسے تمھارے دلوں میں مزیّن فرمادیا

وَ كَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَ الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ﴿۷﴾ فَضْلًا

وَكَرَّهَ	اِلَيْكُمُ	الْكُفْرَ	وَالْفُسُوْقَ	وَالْعِصْيَانَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الرّٰشِدُوْنَ	فَضْلًا
قابل نفرت	تمہارے لئے	کفر	اور فسق	اور نافرمانی	یہی لوگ	راہ راست پر ہیں	فضل

اور تمہارے نزدیک کفر، فسق اور نافرمانی کو قابل نفرت بنا دیا یہی لوگ راہِ راست پر ہیں۔ (یہ) اللہ کی طرف سے فضل

مِّنَ اللّٰهِ وَ نِعْمَةً ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۸﴾ وَ اِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا

مِّنَ اللّٰهِ	وَنِعْمَةً	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَاِنْ	طَآئِفَتٰنِ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اقْتَتَلُوْا	فَاَصْلِحُوْا
اللہ کی طرف سے	اور نعمت	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور اگر	دو گروہ	سے	مومنوں	لڑ پڑیں	صلح کرا دو

اور (اس کی) نعمت ہے اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور اگر مومنوں میں سے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو اُن دونوں کے درمیان صلح کرا دو

بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ

بَيْنَهُمَا	فَاِنْ بَغَتْ	اِحْدٰىهُمَا	عَلَى الْاُخْرٰى	فَقَاتِلُوا	الَّتِيْ	تَبْغِيْ	حَتّٰى	تَفِيْٓءَ
دونوں کے درمیان	اگر زیادتی کرے	دونوں میں ایک	دوسرے پر	لڑو	اس سے	جو زیادتی کرے	یہاں تک کہ	پلٹ آئے

پھر اگر دونوں میں سے ایک گروہ دوسرے پر زیادتی کرے تو اُس سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے

اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَ اَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اِلٰٓى	اَمْرِ اللّٰهِ	فَاِنْ فَآءَتْ	فَاَصْلِحُوْا	بَيْنَهُمَا	بِالْعَدْلِ	وَاَقْسِطُوْا	اِنَّ اللّٰهَ
طرف	اللہ کا حکم	اگر وہ پلٹ آئے	صلح کرا دو	دونوں کے درمیان	عدل کے ساتھ	اور انصاف کرو	بے شک اللہ

یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے پھر اگر وہ پلٹ آئے تو تم عدل کے ساتھ ان کے درمیان صلح کرا دو اور (ہر معاملہ میں) انصاف کرو بے شک اللہ

يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع

يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ	اِخْوَةٌ	فَاَصْلِحُوْا	بَيْنَ	اَخَوَيْكُمْ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
پسند فرماتا ہے	انصاف کرنے والوں کو	بے شک سب اہل ایمان	بھائی بھائی	صلح کرا دو	درمیان	اپنے دو بھائیوں	اور اللہ سے ڈرو	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے

انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ بے شک سب اہل ایمان (تو آپس میں) بھائی بھائی ہیں پس اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرا دیا کرو اور اللہ (کی نافرمانی) سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

لَا تُقَدِّمُوْا	لَا تَرْفَعُوْآ	لَا تَجْهَرُوْا	اَنْ تَحْبَطَ
يَغُضُّوْنَ	اِمْتَحَنَ	يُنَادُوْنَ	فَتَبَيَّنُوْآ
لَعَنِتُّمْ	بَغَتْ	فَآءَتْ	اَقْسِطُوْا

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْأَوَّلُ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے ثلاثی مزید فیہ پر مشتمل افعال وابواب کی نشاندہی کیجیے اوران کے معانی لکھیے۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: اس سبق کی ابتدائی پانچ آیات میں حضور (خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کے کونسے آداب بیان کئے گئے ہیں؟

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: اہل ایمان کے دوگروہ لڑ پڑیں تو دوسرے مسلمانوں کو کیا کرنا چاہئے؟

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ کی تشریح کرو۔

اَلسُّوَالُ الْخَامِسُ: کوئی غیر ذمہ دار شخص خبر لے کر آئے تو ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

سُوْرَةُ الْحُجُرَاتِ آیات ۱۱ تا ۱۸

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا يَسْخَرْ	قَوْمٌ	مِّنْ قَوْمٍ	عَسٰۤى	اَنْ يَّكُوْنُوْا	خَيْرًا	مِّنْهُمْ
اے ایمان والو!	مذاق نہ اڑائے	مرد	دوسرے مردوں کا	ممکن ہے	کہ وہ ہوں	بہتر	ان سے

اے ایمان والو! مردوں کا کوئی گروہ دوسرے مردوں کا مذاق نہ اڑائے ممکن ہے وہ لوگ اُن (مذاق اُڑانے والوں) سے بہتر ہوں

وَ لَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْۤا اَنْفُسَكُمْ

وَلَا نِسَآءٌ	مِّنْ نِّسَآءٍ	عَسٰۤى	اَنْ يَّكُنَّ	خَيْرًا	مِّنْهُنَّ	وَلَا تَلْمِزُوْۤا	اَنْفُسَكُمْ
اور نہ عورتیں	دوسری عورتوں کا	ممکن ہے	کہ وہ ہوں	بہتر	ان سے	اور طعنہ نہ دو	آپس میں

اور نہ عورتیں دوسری عورتوں کا (مذاق اڑائیں) ممکن ہے کہ وہ اِن (مذاق اڑانے والیوں) سے بہترہوں اور آپس میں ایک دوسرے کو طعنہ نہ دیا کرو

وَ لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَ مَنْ لَّمْ يَتُبْ

وَلَا تَنَابَزُوْا	بِالْاَلْقَابِ	بِئْسَ	الِاسْمُ	الْفُسُوْقُ	بَعْدَ الْاِيْمَانِ	وَمَنْ	لَّمْ يَتُبْ
اور نہ بُرا پکارو	القاب	بُرا	نام	فسق	ایمان کے بعد	اور جو لوگ	توبہ نہ کرے

اور ایک دوسرے کو بُرے القاب کے ساتھ نہ پکارو ایمان کے بعد فسق بہت بُرا نام ہے اور جو لوگ (اس روش سے) توبہ نہ کریں

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑪ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫

فَاُولٰٓئِكَ	الظّٰلِمُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اجْتَنِبُوْا	كَثِيْرًا	مِّنَ الظَّنِّ
تو وہی لوگ	ظالم ہیں	اے ایمان والو!	بچو	بہت زیادہ	بدگمانی سے

تو وہی ظالم ہیں۔ اے ایمان والو! بدگمانی سے بہت زیادہ بچو بے شک بعض

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ لَا تَجَسَّسُوْا وَ لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ

اِنَّ	بَعْضَ	الظَّنِّ	اِثْمٌ	وَّلَا تَجَسَّسُوْا	وَلَا يَغْتَبْ	بَّعْضُكُمْ بَعْضًا	اَيُحِبُّ	اَحَدُكُمْ
بے شک	بعض	گمان	گناہ	اور جاسوسی نہ کرو	اور غیبت نہ کرو	ایک دوسرے کی	کیا پسند کرے گا	تم میں سے کوئی

گمان گناہ ہیں اور نہ (کسی کے متعلق) جاسوسی کرو اور نہ ایک دوسرے کی غیبت کرو کیا تم میں سے کوئی شخص پسند کرے گا

اَنْ یَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ ١٢

اَنْ یَّاْكُلَ	لَحْمَ	اَخِیْهِ	مَیْتًا	فَكَرِهْتُمُوْهُ	وَ اتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	تَوَّابٌ	رَّحِیْمٌ
کہ وہ کھائے	گوشت	اپنے بھائی	مردہ	تم نفرت کرتے ہو	اور اللہ سے ڈرو	بے شک اللہ	توبہ قبول کرنے والا	نہایت رحم کرنے والا

کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے پس اس سے تو تم (انتہائی) نفرت کرتے ہو اور اللہ (کی نافرمانی) سے ڈرو بے شک اللہ بہت توبہ قبول فرمانے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ اے

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ	اِنَّا	خَلَقْنٰكُمْ	مِّنْ	ذَكَرٍ	وَّ اُنْثٰى	وَ جَعَلْنٰكُمْ	شُعُوْبًا	وَّ قَبَآىِٕلَ	لِتَعَارَفُوْا
اے لوگو!	بے شک	ہم نے تم کو پیدا کیا	سے	ایک مرد	اور ایک عورت	ہم نے تمھیں بنایا	قومیں	اور قبیلے	تا کہ تم پہچان سکو

لوگو! بے شک ہم نے تمھیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا فرمایا اور ہم نے تمھیں (مختلف) قومیں اور قبیلے بنایا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ١٣ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ

اِنَّ	اَكْرَمَكُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ	اَتْقٰىكُمْ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِیْمٌ	خَبِیْرٌ	قَالَتِ	الْاَعْرَابُ	اٰمَنَّا
بے شک	تم میں زیادہ عزت والا	اللہ کے نزدیک	تم میں زیادہ پرہیزگار	بے شک اللہ	خوب جاننے والا	بڑا باخبر	کہا	دیہاتی	ہم ایمان لائے

بے شک اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ عزّت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہو بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑا باخبر ہے۔ دیہاتیوں نے کہا ہم ایمان لے آئے

قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَ لٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَ لَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ اِنْ تُطِیْعُوا اللّٰهَ

قُلْ	لَّمْ تُؤْمِنُوْا	وَ لٰكِنْ	قُوْلُوْۤا	اَسْلَمْنَا	وَ لَمَّا	یَدْخُلِ	الْاِیْمَانُ	فِیْ	قُلُوْبِكُمْ	وَ اِنْ	تُطِیْعُوا اللّٰهَ
فرمادیں	تم ایمان نہیں لائے	لیکن	کہو	ہم اسلام لائے	اور نہیں	داخل ہوا	ایمان	میں	تمھارے دلوں	اور اگر	تم اطاعت کرو اللہ کی

آپ فرما دیجیے تم ایمان تو نہیں لائے لیکن یہ کہو ہم اسلام لے آئے اور ابھی تک ایمان تمھارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا اور اگر تم نے اللہ اور اُس کے رسول (خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کی

وَ رَسُوْلَهٗ لَا یَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ١٤ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

وَ رَسُوْلَهٗ	لَا یَلِتْكُمْ	مِّنْ	اَعْمَالِكُمْ	شَیْـًٔا	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ
اور اس کے رسول	کمی نہیں کرے گا	سے	تمھارے اعمال	کچھ بھی	بے شک اللہ	بخشنے والا	رحم والا	بے شک مومن

اطاعت کی (تو) وہ تمھارے اعمال (کے ثواب میں) سے کچھ بھی کمی نہیں کرے گا بے شک اللہ بڑا ہی بخشنے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ بے شک ایمان والے تو صرف

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رَسُوْلِهٖ	ثُمَّ	لَمْ يَرْتَابُوْا	وَ جٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَ اَنْفُسِهِمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
وہ لوگ جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	پھر	شک میں نہ پڑے	اور جہاد کیا	اپنے مالوں	اپنی جانوں	میں	اللہ کی راہ

وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اُس کے رسول (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) پر ایمان لائے پھر کسی شک میں نہ پڑے اور انھوں نے اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کیا

اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اُولٰٓئِكَ	هُمُ الصّٰدِقُوْنَ	قُلْ	اَتُعَلِّمُوْنَ	اللّٰهَ	بِدِيْنِكُمْ	وَ اللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ
یہی لوگ	سچے ہیں	فرمادیں	کیا تم جتلاتے ہو	اللہ	اپنی دین داری	اور اللہ	جانتا ہے	جو کچھ	میں	آسمانوں

یہی لوگ سچے ہیں۔ آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) فرما دیجیے کیا تم اللہ کواپنی دین داری جتلاتے ہو حالاں کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ

وَمَا	فِي	الْاَرْضِ	وَ اللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	يَمُنُّوْنَ	عَلَيْكَ	اَنْ	اَسْلَمُوْا
اور جو کچھ	میں	زمین	اور اللہ	ہر	چیز	جاننے والا	احسان جتلاتے ہیں	آپ پر	کہ وہ	اسلام لائے

اور جو کچھ زمینوں میں ہے اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ وہ آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) پر احسان جتلاتے ہیں کہ وہ اسلام لے آئے

قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ

قُلْ	لَّا تَمُنُّوْا	عَلَيَّ	اِسْلَامَكُمْ	بَلِ اللّٰهُ	يَمُنُّ	عَلَيْكُمْ	اَنْ	هَدٰىكُمْ	لِلْاِيْمَانِ
فرمادیں	احسان نہ جتلاؤ	مجھ پر	اپنے اسلام کا	بلکہ اللہ	احسان کرتا ہے	تم پر	کہ	ہدایت دی	ایمان کی

آپ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) فرما دیجیے تم اپنے اسلام کا مجھ پر احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان فرماتا ہے کہ اُس نے تمھیں ایمان کی طرف ہدایت فرمائی

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع

اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	غَيْبَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ اللّٰهُ	بَصِيْرٌۢ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
اگر تم	سچے	بے شک اللہ	جانتا ہے	پوشیدہ	آسمانوں	اور	زمین	اور اللہ	خوب دیکھنے والا	جو کچھ	تم کرتے ہو

اگر تم سچے ہو۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمینوں کی (سب) پوشیدہ باتیں جانتا ہے اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

لَايَسْخَرْ	لَاتَلْمِزُوْا	لَاتَنَابَزُوْا	لَمْ يَتُبْ
اِجْتَنِبُوْا	لَاتَجَسَّسُوْا	لَايَغْتَبْ	اَلْاَعْرَابُ
لَمَّايَدْخُلْ	لَمْ يَرْتَابُوْا	تُعَلِّمُوْنَ	لَاتَمُنُّوْا

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْاَوَّلُ: مندرجہ بالاکلمات وتراکیب میں سے ثلاثی مزید فیہ کے افعال لکھیے۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: لَمْ ، لَمَّا، اَن، اورلَاء نہی کے افعال پرداخل ہونے سے اعراب اورمعانی میں کیاتبدیلی واقع ہوتی ہے۔

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: وہ کونسی برائیاں ہیں جو معاشرے میں فساد کا سبب بنتی ہیں۔

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: لوگوں کوقوموں اورقبیلوں میں تقسیم کرنے کا کیا مقصد قرآن پاک نے بیان کیا ہے؟

اَلسُّوَالُ الْخَامِسُ: اللہ تعالی کے نزدیک عزت اور بڑائی کا کیا معیار ہے؟

اَلسُّوَالُ السَّادِسُ: اس سورۃ پاک کے آخر میں مومنین کی کون سی صفات بیان ہوئی ہیں۔

اَلسُّوَالُ السَّابِعُ: مندرجہ ذیل تراکیب کے معانی لکھیں۔

(الف) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ

(ب) وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ

(ج) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ

(د) وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ

اٰيَاتُهَا ٩٦

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ

رُكُوْعَاتُهَا ٣

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ آيات ١ تا ٣٨

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۙ﴿١﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۘ﴿٢﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۙ﴿٣﴾

اِذَا	وَقَعَتِ	الْوَاقِعَةُ	لَيْسَ	لِوَقْعَتِهَا	كَاذِبَةٌ	خَافِضَةٌ	رَّافِعَةٌ
جب	واقع ہو جائیگی	واقع ہونے والی	نہیں	اسکے واقع ہونے میں	کچھ جھوٹ	پست کرنے والی	بلند کرنے والی

جب واقع ہونے والی (قیامت) واقع ہوگی۔ اس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں۔ (کسی کو) پست کرنے والی (کسی کو) بلند کرنے والی ہوگی۔جب زمین ایک

اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۙ﴿٤﴾ وَّ بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ﴿٥﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ﴿٦﴾

اِذَا	رُجَّتِ	الْاَرْضُ	رَجًّا	وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا	فَكَانَتْ	هَبَآءً	مُّنْۢبَثًّا
جب	لرزنے لگے گی	زمین	سخت زلزلہ	اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے پہاڑ/ریزہ ریزہ ہونا	پھر ہو جائیں گے	غبار	پراگندہ

سخت زلزلہ سے ہلا دی جائے گی۔ اور پہاڑ بالکل ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گے۔ پھر وہ بکھرا ہُوا غبار بن کر رہ جائیں گے۔

وَّ كُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ؕ﴿٧﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ؕ﴿٨﴾

وَّكُنْتُمْ	اَزْوَاجًا	ثَلٰثَةً	فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	مَآ	اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ
اور تم ہو جاؤ گے	جوڑے (قسم)/گروہوں	تین	تو دائیں ہاتھ والے	کیا	دائیں ہاتھ والے

اور تم لوگ تین گروہوں میں تقسیم ہو جاؤ گے۔ تو دائیں ہاتھ والے تو کیا (خوب) ہیں دائیں ہاتھ والے۔

وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ؕ﴿٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۚ﴿١٠﴾ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۚ﴿١١﴾

وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	مَآ	اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	وَالسّٰبِقُوْنَ	السّٰبِقُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الْمُقَرَّبُوْنَ
اور بائیں ہاتھ والے	کیا	بائیں ہاتھ والے	سبقت لے جانے والے	سبقت لے جانے والے ہیں	یہی ہیں	مقرب (جمع)

اور بائیں ہاتھ والے تو کیا (بُرے) ہیں بائیں ہاتھ والے۔ اور جو سبقت لے جانے والے ہیں وہ تو ہیں ہی سبقت لے جانے والے۔ وہی (اللہ کے) مقرب ہیں۔

فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ⑫ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ⑬ وَ قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ⑭

مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ	وَ قَلِيْلٌ	مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ	ثُلَّةٌ	النَّعِيْمِ	جَنّٰتِ	فِيْ
پچھلوں سے۔ میں	اور تھوڑے	پہلوں سے۔ میں	بڑی جماعت	نعمت	باغات	میں

نعمتوں والے باغات میں (ہوں گے)۔ بہت بڑی جماعت پہلے لوگوں میں سے ہوگی۔ اور تھوڑے بعد کے لوگوں میں سے۔

عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ⑮ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ⑯ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ

عَلَيْهِمْ	يَطُوْفُ	مُتَقٰبِلِيْنَ	عَلَيْهَا	مُّتَّكِـِٕيْنَ	مَّوْضُوْنَةٍ	سُرُرٍ	عَلٰى
ان کے	اردگرد پھریں گے	آمنے سامنے	اس پر	تکیہ لگائے ہوئے	سونے کی تاروں سے بنے ہوئے	تختوں	پر

(یہ لوگ) سونے کی تاروں سے بنے ہوئے اُونچے تختوں پر۔ تکیہ لگائے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے آس پاس ایسے (خدمت گار) لڑکے گھومتے ہوں گے

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ⑰ بِاَكْوَابٍ وَّ اَبَارِيْقَ ۙ وَ كَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ⑱ لَّا يُصَدَّعُوْنَ

لَّا يُصَدَّعُوْنَ	مَّعِيْنٍ	مِّنْ	وَ كَاْسٍ	وَّ اَبَارِيْقَ	بِاَكْوَابٍ	مُّخَلَّدُوْنَ	وِلْدَانٌ
نہ انہیں سر درد ہوگا	صاف شراب	سے۔ کے	اور پیالے	اور آفتابے	آبخوروں کے ساتھ	ہمیشہ رہنے والے	لڑکے

جو ہمیشہ (لڑکے ہی) رہیں گے۔ گلاس اور جگ اور بہتی شراب کے بھرے ہوئے پیالے لے کر۔ اس سے نہ تو سر میں درد ہوگا

عَنْهَا وَ لَا يُنْزِفُوْنَ ⑲ وَ فَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ⑳ وَ لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا

مِّمَّا	وَ لَحْمِ طَيْرٍ	يَتَخَيَّرُوْنَ	مِّمَّا	وَ فَاكِهَةٍ	وَ لَا يُنْزِفُوْنَ	عَنْهَا
وہ جو	اور پرندوں کا گوشت	وہ پسند کریں گے	اس سے جو	اور میوے	اور نہ ان کی عقل میں فتور آئے گا	اس سے

اور نہ اُن کے ہوش اُڑیں گے۔ اور پھل (لے کر) جو وہ پسند کریں گے۔ اور پرندوں کا گوشت (لے کر)

يَشْتَهُوْنَ ⑳ وَ حُوْرٌ عِيْنٌ ㉑ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ㉒ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

بِمَا	جَزَآءً	الْمَكْنُوْنِ	اللُّؤْلُؤِ	كَاَمْثَالِ	حُوْرٌ عِيْنٌ	وَ	يَشْتَهُوْنَ
اس کی	جزا	(سیپی میں) چھپے ہوئے	موتی	جیسے	بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں	اور	وہ چاہیں گے

جو ان کا دل چاہے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں (ہوں گی)۔ ایسی جیسے چھپا کر رکھے گئے موتی ہوں۔ یہ بدلہ ہوگا ان (نیک) اعمال کا جو

يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّ لَا تَاْثِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِلَّا قِيْلًا

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	لَا يَسْمَعُوْنَ	فِيْهَا	لَغْوًا	وَّ	لَا تَاْثِيْمًا	اِلَّا	قِيْلًا
جو وہ کرتے تھے	وہ نہ سنیں گے	اس میں	بیہودہ بات	اور	نہ گناہ کی بات	مگر	بات/کلام

وہ کیا کرتے تھے۔ وہ اس میں نہیں سنیں گے کوئی بےکار بات اور نہ کوئی گناہ کی بات۔ مگر ایک بات ہوگی

سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ وَ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿۲۷﴾ فِيْ سِدْرٍ

سَلٰمًا سَلٰمًا	وَ	اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ	مَآ	اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ	فِيْ سِدْرٍ
سلام،سلام	اور	دائیں ہاتھ والے	کیا	دائیں ہاتھ والے	بیریوں میں

سلامتی ہی سلامتی کی۔ اور دائیں ہاتھ والے کیا خوب ہیں دائیں ہاتھ والے۔ (وہ ہوں گے) بغیر کانٹوں کی

مَّخْضُوْدٍ ﴿۲۸﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿۲۹﴾ وَّ ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿۳۰﴾ وَّ مَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿۳۱﴾ وَّ فَاكِهَةٍ

مَّخْضُوْدٍ	وطَلْحٍ	مَّنْضُوْدٍ	وَّ ظِلٍّ	مَّمْدُوْدٍ	وَّ مَآءٍ	مَّسْكُوْبٍ	وَّ فَاكِهَةٍ
بغیر کانٹوں والی	اور کیلے	تہ در تہ	اور سایہ	لمبا۔دراز	اور پانی	بہتا ہوا	اور پھل

بیریوں میں۔اور تہ بہ تہ کیلوں (کے درختوں) میں۔ اور لمبے لمبے سایوں میں۔ اور بہتے ہوئے پانی میں۔ اور بہت سے پھلوں میں

كَثِيْرَةٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّ لَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿۳۳﴾ وَّ فُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿۳۴﴾ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿۳۵﴾

كَثِيْرَةٍ	لَّا مَقْطُوْعَةٍ	وَّ لَا مَمْنُوْعَةٍ	وَّ فُرُشٍ	مَّرْفُوْعَةٍ	اِنَّآ	اَنْشَاْنٰهُنَّ	اِنْشَآءً
کثیر	نہ ختم ہونے والے	اور نہ کوئی روک ٹوک	اور فرش (جمع)	اونچے	بیشک ہم	انہیں اٹھان دی	خوب اٹھان

(لطف اُٹھائیں گے) جو نہ کبھی ختم ہوں گے اور نہ (ان سے) روکے جائیں گے۔ اور اونچے اونچے فرشوں میں (ہوں گے)۔ بے شک ہم نے ان (عورتوں) کو خاص طور پر بنایا ہے

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿۳۶﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۳۸﴾

فَجَعَلْنٰهُنَّ	اَبْكَارًا	عُرُبًا اَتْرَابًا	لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ
پس ہم نے انہیں بنا دیا	کنواری (جمع)	محبوب ہم عمر	دائیں ہاتھ والوں کے لئے

تو ہم نے اُنھیں کنواریاں بنایا ہے۔ خوب محبّت کرنے والیاں (اور) ہم عمر۔دائیں ہاتھ والوں کے لیے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ وَالتَّرَاكِيْبُ

خَافِضَةٌ	رُجَّتْ	بُسَّتْ	هَبَآءً مُّنْبَثًّا
اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	ثُلَّةٌ	عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ
اَكْوَابٍ	اَبَارِيْقَ	كَاْسٍ	مَعِيْنٍ
لَّا يُصَدَّعُوْنَ	لَا يُنْزِفُوْنَ	الْمَكْنُوْنِ	فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ
طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ	ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ	عُرُبًا اَتْرَابًا	

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّؤَالُ الْأَوَّلُ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے مرکب توصیفی کی نشاندہی کرکے ان کے معانی لکھئے۔

اَلسُّؤَالُ الثَّانِيْ: اس سبق میں مذکور افعال ناقصہ تحریر کریں۔

اَلسُّؤَالُ الثَّالِثُ: اس سبق میں قیامت برپا ہونے کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔اس پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔ نیز انسانوں کو روز قیامت کن تین گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

اَلسُّؤَالُ الرَّابِعُ: سَابِقُوْن پر اللہ تعالیٰ کے کیا کیا انعامات ہوں گے؟

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْن — سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ آیات ۳۹ تا ۴۸

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۹﴾

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ	ثُلَّةٌ
اگلوں سے	بہت سے

(یہ) بڑا گروہ پہلے لوگوں میں سے ہوگا۔

وَ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾ فِيْ سَمُوْمٍ

سَمُوْمٍ	فِيْ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ	مَاۤ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ	وَ	مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ	وَ ثُلَّةٌ
گرم ہوا	میں	بائیں ہاتھ والے	کیا	بائیں ہاتھ والے	اور	پچھلوں سے	اور بہت سے

اور ایک بڑا گروہ بعد کے لوگوں میں سے ہوگا۔ اور بائیں ہاتھ والے کیا (بُرے) ہیں بائیں ہاتھ والے۔ (جو جہنّم کی) سخت گرم ہوا

وَّ حَمِيْمٍ ﴿۴۲﴾ وَّ ظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿۴۳﴾ لَّا بَارِدٍ وَّ لَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا

كَانُوْا	اِنَّهُمْ	وَّ لَا كَرِيْمٍ	لَّا بَارِدٍ	يَّحْمُوْمٍ	مِّنْ	ظِلٍّ	وَّ	وَّ حَمِيْمٍ
تھے	بیشک وہ	اور نہ فرحت	نہ کوئی ٹھنڈک	سیاہ دھواں	سے کے	سایہ	اور	اور کھولتا ہوا پانی

اور کھولتے ہوئے پانی میں ہوں گے۔ اور سیاہ دُھویں کے سائے میں ہوں گے۔ جو نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ آرام دہ۔بےشک یہ لوگ

قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَ كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾ وَ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ

وَ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ	الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ	عَلَى	يُصِرُّوْنَ	وَ كَانُوْا	مُتْرَفِيْنَ	قَبْلَ ذٰلِكَ
اور وہ کہتے تھے	گناہ بھاری	پر	اڑے ہوئے	اور تھے	نعمت میں پلے ہوئے	اس سے قبل

اس سے پہلے بڑے خوش حال تھے۔ اور وہ بھاری گناہ پر اَڑے رہتے تھے۔ اور وہ کہا کرتے تھے

اَىِٕذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾

الْاَوَّلُوْنَ	اٰبَآؤُنَا	اَوَ	لَمَبْعُوْثُوْنَ	ءَاِنَّا	وَّ عِظَامًا	تُرَابًا	وَ كُنَّا	مِتْنَا	اَىِٕذَا
پہلے	ہمارے باپ دادا	کیا	ضرور دوبارہ اٹھائے جائیں گے	کیا ہم	اور ہڈیاں	مٹی	اور ہوگئے	ہم مرگئے	کیا جب

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹّی اور ہڈیاں ہو جائیں گے (تو) کیا ہم واقعی پھر زندہ کیے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی؟

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰی مِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ

قُلْ	اِنَّ	الْاَوَّلِیْنَ	وَالْاٰخِرِیْنَ	لَمَجْمُوْعُوْنَ	اِلٰی	مِیْقَاتِ	یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ
فرمادیں	بیشک	پہلے	اورپچھلے	ضرور جمع کئے جائیں گے	طرف	مقررہ وقت	ایک مقرردن	پھر	بیشک تم

آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وأصحابہٖ وسلّم فرما دیجیے بے شک پچھلے اور بعد والے سب۔ یقیناً جمع کیے جائیں گے ایک معیّن دن کے مقررہ وقت پر۔ پھر بے شک تم

اَیُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا

اَیُّهَا	الضَّآلُّوْنَ	الْمُكَذِّبُوْنَ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْ	شَجَرٍ	مِّنْ زَقُّوْمٍ	فَمَالِئُوْنَ	مِنْهَا
اے	گمراہ لوگو	جھٹلانے والے	البتہ کھانے والے	سے	درخت	زقوم کے	پس بھرنا ہوگا	اس سے

اے گمراہو! جھٹلانے والو! تم ضرور زقّوم کے (کانٹےدار) درخت سے کھانے والے ہو۔ پھر اسی سے پیٹ بھرو گے۔

الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَیْهِ مِنَ الْحَمِیْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِیْمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ

الْبُطُوْنَ	فَشٰرِبُوْنَ	عَلَیْهِ	مِنَ	الْحَمِیْمِ	فَشٰرِبُوْنَ	شُرْبَ الْهِیْمِ	هٰذَا	نُزُلُهُمْ
پیٹ (جمع)	سو پینا ہوگا	اس پر	سے	کھولتا ہوا پانی	سو پینا ہوگا	پیاسے اونٹ کی طرح پینا	یہ	ان کی مہمانی

پھر اِس پر کھولتا ہوا پانی پیو گے۔ پھر ایسے پیو گے جیسے پیاسے اُونٹ پیتے ہیں۔ یہ بدلہ کے دن اُن لوگوں

یَوْمَ الدِّیْنِ ﴿۵۶﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْ لَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾

یَوْمَ الدِّیْنِ	نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ	فَلَوْ	لَا تُصَدِّقُوْنَ	اَفَرَءَیْتُمْ	مَّا تُمْنُوْنَ
روز جزا	ہم نے پیدا کیا تمہیں	سو کیوں	تم تصدیق نہیں کرتے	بھلا دیکھو تو	جو تم ڈالتے ہو

کی مہمان نوازی ہوگی۔ ہم نے تم سب کو پیدا فرمایا تو تم (قیامت کی) تصدیق کیوں نہیں کرتے؟ بھلا یہ بتاؤ جو (نطفہ) تم ٹپکاتے ہو۔

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَیْنَكُمُ الْمَوْتَ وَ مَا نَحْنُ

ءَاَنْتُمْ	تَخْلُقُوْنَهٗۤ	اَمْ	نَحْنُ	الْخٰلِقُوْنَ	نَحْنُ	قَدَّرْنَا	بَیْنَكُمُ	الْمَوْتَ	وَمَا نَحْنُ
کیا تم	اُسے پیدا کرتے ہو	یا	ہم	پیدا فرمانے والے ہیں	ہم	مقرر فرمایا	تمھارے درمیان	موت	اور ہم

کیا تم اُسے پیدا کرتے ہو یا ہم پیدا فرمانے والے ہیں؟ ہم نے تمھارے درمیان موت کو مقرر فرمایا ہے اور ہم (اس سے)

بِمَسۡبُوۡقِيۡنَ ﴿۶۰﴾ عَلٰۤى اَنۡ نُّبَدِّلَ اَمۡثَالَكُمۡ وَ نُنۡشِئَكُمۡ فِيۡ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۱﴾

بِمَسۡبُوۡقِيۡنَ	عَلٰۤى	اَنۡ نُّبَدِّلَ	اَمۡثَالَكُمۡ	وَ	نُنۡشِئَكُمۡ	فِيۡ	مَا	لَا تَعۡلَمُوۡنَ
عاجز نہیں ہیں	پر	بدل کر لے آئیں	تمھارے جیسی	اور	ہم پیدا کر دیں	میں	جو	تم نہیں جانتے۔

عاجز نہیں ہیں۔ کہ ہم تمھارے جیسی (اور مخلوق) بدل کر لے آئیں اور تمھیں ایسی صورت میں بنا دیں جسے تم نہیں جانتے۔

وَ لَقَدۡ عَلِمۡتُمُ النَّشۡاَةَ الۡاُوۡلٰى فَلَوۡ لَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۶۲﴾ اَفَرَءَيۡتُمۡ مَّا تَحۡرُثُوۡنَ ﴿۶۳﴾

وَ لَقَدۡ عَلِمۡتُمُ	النَّشۡاَةَ الۡاُوۡلٰى	فَلَوۡ لَا تَذَكَّرُوۡنَ	اَفَرَءَيۡتُمۡ	مَّا تَحۡرُثُوۡنَ
اور یقیناً تم خوب جانتے ہو	پہلی پیدائش	تو تم نصیحت حاصل کیوں نہیں کرتے	بھلا تم دیکھو	جو کچھ تم بوتے ہو۔

اور یقیناً تم پہلی پیدائش (کی حقیقت) کو خوب جانتے ہو تو تم نصیحت حاصل کیوں نہیں کرتے؟ بھلا تم دیکھو جو کچھ تم بوتے ہو۔

ءَاَنۡتُمۡ تَزۡرَعُوۡنَهٗۤ اَمۡ نَحۡنُ الزّٰرِعُوۡنَ ﴿۶۴﴾ لَوۡ نَشَآءُ لَجَعَلۡنٰهُ حُطَامًا فَظَلۡتُمۡ

ءَاَنۡتُمۡ	تَزۡرَعُوۡنَهٗۤ	اَمۡ	نَحۡنُ	الزّٰرِعُوۡنَ	لَوۡ نَشَآءُ	لَجَعَلۡنٰهُ	حُطَامًا	فَظَلۡتُمۡ
کیا تم	اُسے اُگاتے ہو	یا	ہم	اُگانے والے ہیں؟	اگر ہم چاہیں	تو اسے کر دیں	چورا چورا	پھر تم رہ جاؤ

کیا تم اُسے اُگاتے ہو یا ہم اُگانے والے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو اسے چورا چورا کر دیں پھر تم افسوس کرتے رہ جاؤ۔

تَفَكَّهُوۡنَ ﴿۶۵﴾ اِنَّا لَمُغۡرَمُوۡنَ ﴿۶۶﴾ بَلۡ نَحۡنُ مَحۡرُوۡمُوۡنَ ﴿۶۷﴾ اَفَرَءَيۡتُمُ الۡمَآءَ الَّذِىۡ

تَفَكَّهُوۡنَ	اِنَّا	لَمُغۡرَمُوۡنَ	بَلۡ	نَحۡنُ	مَحۡرُوۡمُوۡنَ	اَفَرَءَيۡتُمُ	الۡمَآءَ	الَّذِىۡ
افسوس کرتے	بیشک ہم	نادان پڑنے والے	بلکہ	ہم	بدنصیب (جمع)	بھلا تم دیکھو	پانی	جو

کہ ہم پر تو تاوان پڑگیا۔ بلکہ ہم ہیں ہی بد نصیب۔ بھلا تم دیکھو جو پانی تم پیتے ہو۔

تَشۡرَبُوۡنَ ﴿۶۸﴾ ءَاَنۡتُمۡ اَنۡزَلۡتُمُوۡهُ مِنَ الۡمُزۡنِ اَمۡ نَحۡنُ الۡمُنۡزِلُوۡنَ ﴿۶۹﴾ لَوۡ نَشَآءُ جَعَلۡنٰهُ

تَشۡرَبُوۡنَ	ءَاَنۡتُمۡ	اَنۡزَلۡتُمُوۡهُ	مِنَ	الۡمُزۡنِ	اَمۡ نَحۡنُ	الۡمُنۡزِلُوۡنَ	لَوۡ	نَشَآءُ	جَعَلۡنٰهُ
تم پیتے ہو	کیا تم	اُسے اُتارا	سے	بادل	یا ہم	اُتارنے والے ہیں	اگر	ہم چاہیں	اُسے بنا دیں

کیا تم نے اُسے بادل سے اُتارا ہے یا ہم اُتارنے والے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو ہم اُسے

أُجَاجًا فَلَوْ لَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ

أُجَاجًا	فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ	اَفَرَءَيْتُمُ	النَّارَ	الَّتِيْ	تُوْرُوْنَ	ءَاَنْتُمْ	اَنْشَاْتُمْ
کھارا	پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے؟	بھلا تم دیکھو	آگ	جو	تم سلگاتے ہو	کیا تم	پیدا کیا تم نے

کھارا بنادیں پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے؟ بھلا تم دیکھو جو آگ تم سُلگاتے ہو۔کیا تم نے اس کے درخت کو

شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾

شَجَرَتَهَآ	اَمْ نَحْنُ	الْمُنْشِـُٔوْنَ	نَحْنُ	جَعَلْنٰهَا	تَذْكِرَةً	وَّ مَتَاعًا	لِّلْمُقْوِيْنَ
اس کا درخت	یا ہم	پیدا فرمانے والے	ہم	اسے بنایا	نصیحت	فائدے کی چیز	مسافروں کے لئے

پیدا کیا ہے یا ہم پیدا فرمانے والے ہیں؟ ہم نے اسے بنایا ہے نصیحت اور مسافروں کے فائدے کی چیز۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾

فَسَبِّحْ	بِاسْمِ	رَبِّكَ	الْعَظِيْمِ
تو آپ تسبیح کریں	نام کی	اپنے ربّ	عظمت والا

تو آپ خاتم النّبیّین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنے ربّ کے نام کی تسبیح کیجیے جو بڑی عظمت والا ہے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ وَالتَّرَاكِيْبُ

- اَصْحٰبُ الشِّمَالِ
- سَمُوْمٌ
- حَمِيْمٌ
- مُتْرَفِيْنَ
- مِيْقَاتُ
- مَالِـُٔوْنَ
- شُرْبَ الْهِيْمِ
- تَحْرُثُوْنَ
- حُطَامًا
- ظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ
- مُغْرَمُوْنَ
- اَلْمُزْنِ
- أُجَاجًا
- تُوْرُوْنَ
- لِلْمُقْوِيْنَ

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّؤَالُ الْأَوَّلُ: مندرجہ بالا کلمات وتراکیب میں سے اسم الفاعل اور اسم المفعول کی نشاندہی کریں اور ان کے معانی تحریر کریں۔

اَلسُّؤَالُ الثَّانِيْ: اس سبق میں سے افعال ناقصہ الگ کریں اور ان کے معانی لکھیں۔

اَلسُّؤَالُ الثَّالِثُ: آخرت کے بارے میں بائیں بازو والے کس قسم کی غلط فہمی کا شکار تھے۔ نیز انھیں کیسا عذاب دیا جائے گا۔

اَلدَّرْسُ الثَّلَاثُوْنَ

سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ آیات ۷۵ تا ۹۶

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۷۵ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۷۶

فَلَآ اُقْسِمُ	بِمَوٰقِعِ	النُّجُوْمِ	وَاِنَّهٗ	لَقَسَمٌ	لَّوْ	تَعْلَمُوْنَ	عَظِيْمٌ
تو مجھے قسم ہے	چھپنے کی جگہیں	ستارے	بے شک یہ	قسم	اگر	تم سمجھو	بڑی

تو مجھے قسم ہے ستاروں کے چھپنے کی جگہوں کی۔ اور اگر تم سمجھو تو بے شک یہ بہت بڑی قسم ہے۔

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۷۷ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۷۸ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۷۹

اِنَّهٗ	لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ	فِيْ	كِتٰبٍ	مَّكْنُوْنٍ	لَّا	يَمَسُّهٗٓ	اِلَّا	الْمُطَهَّرُوْنَ
بے شک یہ	عظمت والا قرآن	میں	کتاب	محفوظ	نہیں	اس کو چھوتے ہیں	مگر وہی	خوب پاک

بے شک یہ بہت عظمت والا قرآن ہے۔ (جو) ایک محفوظ کتاب میں (لکھا ہوا ہے)۔ اس کو وہی لوگ چھوتے ہیں جو خوب پاک ہیں۔

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۸۰ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۸۱

تَنْزِيْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	اَفَبِهٰذَا	الْحَدِيْثِ	اَنْتُمْ	مُّدْهِنُوْنَ
اُتارا گیا ہے	سے۔طرف	ربّ	جہانوں	کیا اس	کلام	تم	لا پروائی کرتے ہو

(یہ) تمام جہانوں کے ربّ کی طرف سے اُتارا گیا ہے۔ کیا پھر بھی اس کلام سے تم لا پروائی کرتے ہو؟

وَ تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۸۲ فَلَوْ لَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۸۳

وَتَجْعَلُوْنَ	رِزْقَكُمْ	اَنَّكُمْ	تُكَذِّبُوْنَ	فَلَوْلَآ	اِذَا	بَلَغَتِ	الْحُلْقُوْمَ
اور تم نے بنا لیا	اپنا حصّہ	کہ تم	جھٹلاتے ہو	پھر کیوں نہیں	جب	وہ آ پہنچتی ہے	حلق

اور تم نے (اسی بات کو) اپنا حصّہ بنا لیا ہے کہ تم (اسے) جھٹلاتے ہو۔ پھر کیوں نہیں (روح کو لوٹا دیتے) جب وہ حلق تک آ پہنچتی ہے۔

وَ اَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۸۴ وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَ لٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۸۵

وَاَنْتُمْ	حِيْنَئِذٍ	تَنْظُرُوْنَ	وَنَحْنُ	اَقْرَبُ	اِلَيْهِ	مِنْكُمْ	وَلٰكِنْ	لَّا تُبْصِرُوْنَ
اور تم	اس وقت	دیکھ رہے ہوتے ہو	اور ہم	زیادہ قریب	اس سے	تم سے	مگر	تم نہیں دیکھتے

اور تم اس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو؟ اور ہم تم سے زیادہ اس (مرنے والے) کے قریب ہوتے ہیں مگر تم نہیں دیکھتے۔

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾

فَلَوْلَآ	اِنْ كُنْتُمْ	غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ	تَرْجِعُوْنَهَآ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
پھر (ایسا) کیوں نہیں	اگر تم ہو۔	کسی کے زیر اثر نہیں	اس (رُوح) کو واپس لے آؤ	اگر تم ہو	سچّے

پھر (ایسا) کیوں نہیں (کرتے کہ) اگر تم کسی کے زیر اثر نہیں ہو۔ (تو) اس (رُوح) کو واپس لے آؤ اگر تم سچّے ہو۔

فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ ۙ وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾

فَاَمَّآ	اِنْ كَانَ	مِنَ	الْمُقَرَّبِيْنَ	فَرَوْحٌ	وَّ رَيْحَانٌ	وَّ جَنَّتُ	نَعِيْمٍ
پھر	اگر وہ ہو	میں سے	مقرّب بندوں	آرام	اور خُوش بُو	اور جنّت	نعمتوں والی

پھر اگر وہ (مرنے والا) ہو مقرّب بندوں میں سے۔ تو (اس کے لیے) آرام اور خُوش بُو اور نعمتوں والی جنّت ہے۔

وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾

وَ اَمَّآ	اِنْ كَانَ	مِنْ	اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ	فَسَلٰمٌ	لَّكَ	مِنْ	اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ
اور اگر	وہ ہو	میں سے	دائیں ہاتھ والوں	سلامتی	تمھارے لیے	میں سے	دائیں ہاتھ والوں

اور اگر وہ ہو دائیں ہاتھ والوں میں سے۔تو (کہا جائے گا) تمھارے لیے سلامتی ہے (کہ تم) دائیں ہاتھ والوں میں سے ہو۔

وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾

وَ اَمَّآ	اِنْ كَانَ	مِنَ	الْمُكَذِّبِيْنَ	الضَّآلِّيْنَ	فَنُزُلٌ	مِّنْ	حَمِيْمٍ
اور اگر	وہ ہو	میں سے	جھٹلانے والے	گمراہوں	مہمان نوازی	سے	کھولتے ہوئے پانی

اور اگر وہ ہو جھٹلانے والے گمراہوں میں سے۔تو (اس کے لیے) مہمان نوازی ہے کھولتے ہوئے پانی سے۔

وَّ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾

وَّتَصْلِيَةُ	جَحِيْمٍ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ	فَسَبِّحْ	بِاسْمِ	رَبِّكَ	الْعَظِيْمِ
اور داخل کیا جانا	جہنم	بے شک	یہ	یقینی حق ہے	تو آپ تسبیح کیجیے	کے نام کی	اپنے ربّ	بڑی عظمت والا

اور (اس کا انجام) جہنم میں داخل کیا جانا ہے۔ بے شک (جو بیان ہوا) یہ یقینی حق ہے۔تو آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنے ربّ کے نام کی تسبیح کیجیے جو بڑی عظمت والا ہے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ وَالتَّرَاكِيْبُ

- لَا أُقْسِمُ
- مُدْهِنُوْنَ
- اَلْحُلْقُوْمَ
- حِيْنَئِذٍ
- غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ
- رَوْحٌ
- رَيْحَانٌ
- تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ
- حَقُّ الْيَقِيْنِ

اَلتَّمَارِيْنُ

اَلسُّوَالُ الْأَوَّلُ: اس سبق سے جار و مجرور کی نشاندہی کریں۔

اَلسُّوَالُ الثَّانِيْ: لَا أُقْسِمُ اور حَقُّ الْيَقِيْنِ سے کیا مراد ہے؟

اَلسُّوَالُ الثَّالِثُ: لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ قرآن مجید کا کیا اشارہ ہے؟

اَلسُّوَالُ الرَّابِعُ: اس سبق میں اللہ تعالیٰ کے کون کون سے انعامات بیان ہوئے ہیں؟

اَلسُّوَالُ الْخَامِسُ: سورۃ الواقعہ کے آخری رکوع میں موت کی کیفیت اور انسان کی بے بسی کو کیسے بیان کیا گیا ہے؟

نصاب عربی

لُغَةُ الْقُرْآنِ

(عربی لازمی و قرآن مجید با ترجمہ)

جماعت ہشتم

نافذ العمل از اپریل ۱۹۹۸ء

1۔ قرآنِ مجید

سُوْرَةُ يُوْسُفَ، يٰسٓ، الْحُجُرَاتِ، الْوَاقِعَةِ

(ترجمہ (دی علم فاؤنڈیشن) وفاقی وزارتِ تعلیم حکومتِ پاکستان اور پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور سے منظور شدہ)

2۔ عربی زبان و قواعد

(الف) مندرجہ ذیل عنوانات پر آٹھ اسباق:

١-الزوجة الوفية السيّدة خديجة (رضى الله تعالىٰ عنها)

٢-السنة الهجرية

٣-عدل عمر (رضى الله تعالىٰ عنها)

٤-المعلم المجاهد

٥-التراث الحضارى الاسلامى

٦-من علماء المسلمين

٧-نظرة الاسلام للخمور والمخدرات

٨-الاناشيد الوطنية

(ب) قواعد:

دورانِ تدریس کوشش کی جائے کہ طالب علم کو زبانی اور تحریری تدریبات کے ذریعے ادوات استفہام، اعداد (عقود و معطوف اعداد) فعل مجہول، نائب فاعل، اسم فاعل، اسم مفعول، افعال صحیحہ و ابواب ثلاثی مزید فیہ (آٹھ ابواب) حال، ذُوالحال، کَانَ و اَخواتھا اور إِنَّ وَاَخواتھا کا تعارف کرایا جائے۔